websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com

MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعرات 05 نومبر 2026ء بمطابق 24 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 303

امریکی مڈٹرم الیکشن میں ٹرمپ کی جماعت کو شکست

ڈیموکریٹس نے دونوں ایوانوں میں اکثریت حاصل کرلی

ایوان نمائندگان میں ڈیموکریٹس کے 231 اور ریپبلکن کے 139 ارکان کو برتری حاصل ہے، 435 رکنی ایوان نمائندگان کا کنٹرول سنبھالنے کیلئے کسی بھی جماعت کو 218 نشستوں پر کامیابی درکار تھی جو ڈیموکریٹس نے حاصل کرلی

ڈیموکریٹس کو انتخابی کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں' ڈیموکریٹس کی کامیابی کو اپنی ذاتی شکست نہیں سمجھتا، ہم نے گزشتہ دو سال میں تاریخی کارکردگی دکھائی ہے ایران سے متعلق درست فیصلہ کیا تھا اور دوبارہ بھی یہی کرتا، امریکی صدر کا فاکس نیوز کو انٹرویو

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا کے وسط مدتی انتخابات کے نتائج میں ڈیموکریٹس نے امریکی کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت حاصل کرلی اور ریپبلکنز امیدواروں کو مختلف نشستوں پر شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ امریکا میں وسط مدتی انتخابات کے نتائج کا آنے کا سلسلہ جاری ہے اور ڈیموکریٹس نے ایوان نمائندگان اور سینیٹ میں

بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

عالمی امن و استحکام کے لئے مخلصانہ کوششیں جاری رہیں گی، وزیراعظم

خطے میں باہمی تعاون بڑھانے کیلئے مکہ دفاعی معاہدہ کیا گیا، کے پی میں پہلی، دوسری اور تیسری ترجیح سکیورٹی ہے، صوبے میں سکیورٹی پیکج کیلئے 160 ارب روپے فائنل کردیئے

ایل پی جی مافیا کا دور ختم، ایل پی جی امپورٹ کرکے عام آدمی کو ریلیف دیں گے، جو پیٹرول پمپس ریلیف پیکج پر پیٹرول نہیں دے رہے ان کے خلاف کارروائی کی جائے، بجلی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی امن و استحکام کے لئے پاکستان کی مخلصانہ کوششیں جاری ہیں، خطے میں باہمی تعاون بڑھانے کیلئے مکہ دفاعی معاہدہ کیا گیا، وزیراعظم نے ایل پی جی امپورٹ کرکے عام آدمی کو

بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

کابینہ نے خیبرپختونخوا میں وزیراعلیٰ کے اختیارات گورنر کو منتقل کرنے کی منظوری دیدی، گورنر اختیارات کے استعمال کی ماہانہ رپورٹ وفاقی حکومت کو جائزہ پیش کرینگے



واشنگٹن، امریکی مڈٹرم الیکشن میں فتح کے بعد ڈیموکریٹس امیدواران خوشی کا اظہار کررہے ہیں

وفاقی کابینہ نے کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن کی منظوری دیدی

10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کروایا جائے گا

کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کے لیے ملک بھر سے مصوروں و ڈیزائنرز سے تجاویز لی گئیں جعلی نوٹوں کی روک تھام کے لیے سکیورٹی فیچرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ جدید میٹریل کا استعمال کیا جائے گا جس سے نوٹوں کی استعمال کی معیاد میں بھی اضافہ ہوگا' کابینہ کو نئے کرنسی نوٹس پر تفصیلی بریفنگ

وفاقی کابینہ نے پاکستان اور کویت کے دفاعی تعاون معاہدے کی بھی توثیق کردی، پاکستان اور کویت کے مابین دفاعی تعاون کا معاہدہ 11 جون 2023 کو طے پایا تھا، معاہدے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دفاعی شعبوں میں تعاون کا فروغ ہے، کویتی حکومت نے 19 جولائی کو دفاعی معاہدے کی توثیق کردی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ نے کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن کی منظوری دے دی، 10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کروایا جائے گا۔ وزیر اعظم ہاؤس سے جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اعلامیے کے مطابق وفاقی کابینہ نے وزارت خزانہ کی سفارش پر نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کی

بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جے ڈی وینس نے مڈٹرم انتخابات میں ہار کی وجہ ایران جنگ کو قرار دے دیا

یہاں سے ہمیں آگے کہاں جانا ہے، اس پر کوئی بھی دیانتدارانہ گفتگو وہیں سے شروع ہونی چاہیے

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے مڈٹرم انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کی شکست کی وجہ ایران جنگ کو قرار دیا ہے۔ سوشل

بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



واشنگٹن، امریکی نائب صدر ڈی جے وینس مڈٹرم انتخابات کے حوالے سے بیان جاری کررہے ہیں

شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ

جدید سکیورٹی انفراسٹرکچر بنیاد ہے بلوچستان میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر سکیورٹی مانیٹرنگ ناگزیر ہے

میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اجلاس، بلوچستان اور پنجاب کی سیف سٹی اتھارٹیز کے مابین جوائنٹ وینچر کے تحت سکیورٹی مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے، تکنیکی معاونت اور تجربات کے تبادلے پر اتفاق

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بلوچستان سیف سٹی منصوبوں کو مؤثر، فعال اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے مشترکہ تعاون پر اتفاق کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے مراسلے پر وزیراعلیٰ پنجاب نے بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کو مستحکم بنانے اور اسے ضروری ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے کے لیے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کردی ہیں۔ اس سلسلے میں بلوچستان اور پنجاب کی سیف سٹی اتھارٹیز کے مابین جوائنٹ وینچر کے تحت سکیورٹی مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے، تکنیکی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

مولانا فضل الرحمن کی رہائش گاہ پر متحدہ اپوزیشن کا اجلاس، اہم معاملات پر غور

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سمیت پی ٹی آئی، مجلس وحدت المسلمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں کی شرکت

اپوزیشن جماعتوں کے درمیان اتحاد و یکجہتی، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوری حقوق کے تحفظ اور موجودہ سیاسی صورتحال سے نمٹنے پر غور

اسلام آباد (آن لائن) امیر جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ پر متحدہ اپوزیشن کا اہم اجلاس شروع۔ اجلاس میں امیر جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمٰن، سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان محمود خان اچکزئی، قائد حزب اختلاف سینیٹ و سربراہ مجلس وحدت مسلمین علامہ ناصر عباس، سابق اسپیکر قومی اسمبلی و سیکرٹری جنرل تحریک تحفظ آئین پاکستان اسد قیصر، سیکرٹری جنرل

بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بلاول بھٹو زرداری سے اہم سیاسی رہنماؤں کی ملاقات، ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال

زرداری ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں چیئرمین سینیٹ، چاروں صوبوں کے گورنرز/وزرائے اعلیٰ بھی شریک تھے

اسلام آباد (آن لائن) (پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے اہم سیاسی رہنماؤں اور پارٹی کے مرکزی عہدیداروں نے زرداری ہاؤس میں ملاقات کی، جس کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، گورنر

بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

امریکی عوام نے ایران کے خلاف جنگ مسترد کردی، باقر قالیباف

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے امریکی انتخابات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ضمیر کی آواز ہو یا بڑھتے اخراجات کا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کا اہلیہ کی بیماری پر اظہار تشویش، کیسز میں عدالتوں سے ریلیف لینے کی ہدایت

طویل عرصے بعد وکیل سے ہونے والی ملاقات مبینہ طور پر پیشہ ورانہ اور قانونی امور تک محدود رکھی گئی، ذرائع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اہلیہ کی بیماری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وکیل کو عدالتوں سے ریلیف لینے کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان پیر کے روز اڈیالہ جیل میں اپنے وکیل سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

ون کانسٹیٹیوشن منصوبے کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے گا' احسن اقبال

ون کانسٹیٹیوشن ایونیو منصوبے میں تمام قواعد و ضوابط کو نظرانداز کیا گیا' وزیر اطلاعات کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (سی این لنکس) وفاقی وزیر وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ون کانسٹیٹیوشن منصوبے کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری کے ہمراہ پریس کانفرنس

بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

غیر قانونی بھرتیاں، مولانا فضل الرحمٰن کے بیٹے کے گرد گھیرا تنگ

پاکستان پوسٹ آفس میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر نیب نے طلب کرلیا

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) مولانا فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کے گرد غیر قانونی بھرتیوں کا معاملہ سنگین ہوگیا ہے۔ اس سلسلے میں نیب اور ایف آئی اے کے باضابطہ نوٹسز بھی سامنے آگئے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود کو

بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم سے بلاول بھٹو کی ملاقات
حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری معاملات اور سیاسی صورتحال پر گفتگو

خیبر پختونخوا کی صورتحال، آئینی ترامیم اور انتخابی اصلاحات پر مشاورت، قانون سازی کے مسودے منظوری سے قبل فراہم کرنے کا مطالبہ

بلاول بھٹو نے پارٹی تحفظات سامنے رکھ دیے، شہباز شریف کی تحفظات دور کرنے اور اتحادیوں کو اعتماد میں لینے کی یقین دہانی، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے درمیان اہم ملاقات کی اندرونی تفصیلات سامنے آ گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال، خیبر پختونخوا میں امن و امان، گورننس،

بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

پاکستان نے عالمی مالیاتی منڈی سے 3 ارب ڈالر حاصل کرلیے، مزید بانڈز کے اجرا کی تیاری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان نے ستمبر کے پہلے ہفتے میں عالمی مالیاتی منڈی تک رسائی حاصل کرتے ہوئے 3 ارب ڈالر حاصل کیے، جبکہ اس دوران سرمایہ کاروں کی جانب سے موصول ہونے والے

بقیہ نمبر 07 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

اسحاق ڈار سے ایرانی سفیر کی ملاقات باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

ایران کے ساتھ قریبی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لئے پرعزم ہیں' نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ایران کے ساتھ قریبی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لئے

بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں



اسلام آباد، مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر قومی اسمبلی وسینیٹ کے اپوزیشن لیڈران محمود خان اچکزئی و علامہ راجہ عباس اور دیگر اجلاس میں شریک ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

امریکی بالادستی کے خاتمے کو بہت قریب دیکھتے ہیں، مجتبیٰ خامنہ ای

مکمل دفاع کا راستہ پہلے سے کہیں زیادہ طاقتور ایران میں چھپا ہے، جو لوگ سمجھتے ہیں کہ امریکا میں تبدیلیاں امریکا کی ایران دشمنی بدل سکتی ہیں وہ غلط فہمی کا شکار ہیں

جارح دشمن کے سامنے معمولی ساجھکاؤ بھی اسے مزید دلیر کردیگا، ایسا معمولی سا بھی جھکاؤ شہداء کے خون کو رائیگاں کردیگا' ایرانی سپریم لیڈر کا امریکی انتخابات پر ردعمل

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مکمل دفاع کا راستہ پہلے سے کہیں زیادہ طاقتور ایران میں چھپا ہے، جو لوگ سمجھتے ہیں کہ امریکا میں تبدیلیاں امریکا کی ایران دشمنی بدل سکتی ہیں وہ غلط فہمی کا شکار ہیں۔ خامنہ ای نے کہا کہ جارح دشمن کے سامنے معمولی سا جھکاؤ بھی اسے مزید دلیر کردیگا، ایسا معمولی سا بھی جھکاؤ شہداء کے خون کو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

مولانا فضل الرحمان نے کے پی کے اقتدار میں کوئی حصہ نہیں مانگا تھا، رانا ثنا اللہ

مولانا فضل الرحمان کو کے پی کے معاملات کے حوالے سے ساتھ ملانا چاہیے، مولانا فضل الرحمان اور بیٹے کو نوٹس بھجوائے گئے، ان سے متفق نہیں

بانی پی ٹی آئی صدارتی نظام لانا اور نئے صوبے بنانا چاہتے تھے، بانی پی ٹی آئی کا اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملکر یہ منصوبہ تھا، نجی ٹی وی کے پروگرام میں اظہار خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر اور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ غلط ہے کہ ہماری پالیسی سے ڈرایا جا رہا تھا، ہم نے ٹرمپ سے اچھے تعلقات قائم کرنا ہے، مخالفین کہتے تھے کہ ٹرمپ آئے گا تو پتا چل جائے گا، ہمیں ٹرمپ سے دوستی نہیں کی، صدر ٹرمپ نے پاک بھارت جنگ رکوائی، ٹرمپ نے معرکہ حق میں کردار ادا کیا، ہم نے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافے کے حوالے سے اجلاس

محصولات کیلئے روایتی طریقہ کار کے بجائے جدید انتظامی و تکنیکی مہارتوں سے استفادہ کیا جائے' وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کی استعداد کار میں اضافے، محصولات کے سالانہ اہداف کے حصول اور ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات اور

بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

شاہ محمود قریشی جیل میں چہل قدمی کے دوران چکر آنے سے گر پڑے

شاہ محمود قریشی کے گھٹنے اور بازو پر چوٹیں آئی ہیں، جیل حکام نے بلڈ سیمپل لیکر ہسپتال بھجوادیئے

لاہور (آئی این پی) لاہور کی کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی کی طبیعت ناساز ہے۔ ان کے وکیل بیرسٹر تیمور نے کہا کہ محمود قریشی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حوثیوں کا کنگ خالد ایئرپورٹ سمیت 3 اہداف پر حملے کا دعویٰ

سعودی عرب کے خطے نجران میں واقع ایک فوجی کیمپ کو نشانہ بنایا گیا' جازان میں ملٹری ریڈار کو نشانہ بنایا گیا' سرحدی کنٹرول سینٹر پر میزائل داغا گیا

میزائل براہ راست ریاض میں کنگ خالد ایئرپورٹ پر جا کر لگا جس کے نتیجے میں ایئرپورٹ کو نقصان پہنچا' حوثی ترجمان یحییٰ سریع کی میڈیا بریفنگ

صنعا (نیوز ڈیسک) یمن کے حوثی باغیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے سعودی دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو بیلسٹک میزائل سے نشانہ بنایا ہے۔ حوثیوں کے عسکری ترجمان یحییٰ سریع نے دعویٰ کیا کہ یہ میزائل براہ راست

بقیہ نمبر 08 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

نوجوانوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانا اولین ذمہ داری ہے، گورنر

بالخصوص جنوبی اضلاع کے نوجوانوں کیلئے 10 ہزار افراد کو جدید تکنیکی و فنی تربیت فراہم کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے' جعفر خان مندوخیل

سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں، تعلیمی اداروں اور حکومتی اداروں کے درمیان موثر تعاون ہی نوجوانوں کو قومی تعمیر و ترقی کی قوت میں تبدیل کرسکتا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں جمہوری اقدار کے فروغ، عوام کو ان کے حقوق و فرائض کا سیاسی شعور دینے اور بنیادی اولین مسائل کے حل کیلئے صوبے کی سیاسی جماعتوں نے عوام دوست جدوجہد، قربانیاں اور گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ جن میں نیشنل پارٹی کا مختلف قومی ایشوز اور صوبے کو درپیش چیلنجز پر

بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور طلال چوہدری صحافیوں سے بات چیت کررہے ہیں

سعودی عرب کے قرض کا معاملہ مناسب وقت تک کے لیے موخر ہوگیا، وزیر خزانہ

مزید سپورٹ کی فی الحال ضرورت نہیں ہے، ہمارے پاس 3 ماہ کا امپورٹ کور موجود ہے' آئی ایم ایف بورڈ سے اگلی قسط کی منظوری دسمبر میں ہونے کا امکان ہے

سعودی عرب کیساتھ جس طرح کے ہمارے تعلقات ہیں اس میں ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں' محمد اورنگزیب کی پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کیساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور ہو چکا ہے۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ سعودی عرب کے قرض کا معاملہ مناسب

بقیہ نمبر 09 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ایران پر حملے کا کوئی منصوبہ نہیں
ضرورت پڑی تو امریکی فوج ہر قسم کی کارروائی کیلئے مکمل تیار ہے، ٹرمپ

ایران کے ساتھ بالواسطہ مذاکرات جاری ہیں جن میں افزودہ یورینیم کے ذخیرے کا معاملہ بھی زیر بحث ہے، امریکا ایران سے بات چیت کررہا ہے

تہران کے معاملے پر امریکا کی پوزیشن مضبوط ہے اور بظاہر واشنگٹن کو وہ سب کچھ مل رہا ہے جو وہ چاہتا ہے، امریکی صدر کا برطانوی جریدے کو انٹرویو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا کا فی الحال ایران پر حملے کا کوئی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 7 روپے 6 پیسے فی لیٹر تک کمی کردی

پیٹرول کی نئی قیمت 362 روپے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 387 روپے 81 پیسے فی لیٹر ہوگی' اوگرا نے نوٹیفکیشن جاری کردیا

نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 5 نومبر بروز جمعرات صرف ایک روز کے لیے نافذ العمل رہے گا

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرتے ہوئے پیٹرول 7 روپے 6 پیسے اور ڈیزل 3 روپے 71 پیسے فی لیٹر سستا کردیا ہے۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے قیمتوں کے تعین کے بعد نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 7 روپے 6 پیسے فی لیٹر کمی کے بعد نئی قیمت 362 روپے فی لیٹر مقرر کردی گئی ہے جبکہ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد، بلدیاتی الیکشن، 39 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرادیئے

آخری تاریخ 6 نومبر مقرر، شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 سے 13 نومبر تک ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2026 کے لیے گزشتہ شام تک مجموعی طور پر صرف 39 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے۔ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2026 کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حوثیوں کے کسی بھی حملے کا بھرپور جواب دیں گے، سعودی کابینہ کا اعلان

یمنی فورسز کے حوثیوں کے ٹھکانوں پر حملے، 370 جنگجوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

ریاض، صنعا (آئی این پی) سعودی عرب کی کابینہ نے یمن میں حوثی باغیوں کے ساتھ جاری کشیدگی کے دوران کسی بھی حملے کا بھرپور جواب دینے کا اعلان کیا ہے۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت کابینہ کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سیوریج کے پانی سے فصلوں کی آبپاشی بلوچستان ہائیکورٹ نے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ اور ملحقہ علاقوں میں غیر صاف شدہ سیوریج کے پانی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

صوبائی وزیر داخلہ کی زیر صدارت امن وامان کے حوالے سے اجلاس

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر آفس جنگل پیر علیزئی، ضلع قلعہ عبداللہ میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی زیر صدارت ضلع میں امن و امان کی مجموعی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی نے عوام کو کرپشن اور لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں دیا، امیر مقام

13 سال حکمران رہنے والی قیادت کو اپنے دور حکومت کے اقدامات کا جواب دینا ہوگا، تقریب سے خطاب

بٹگرام (آن لائن) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے اپنے 13 سالہ دور اقتدار میں عوام کو کرپشن اور لوٹ مار

بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اسحاق ڈار کا قائم مقام امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے رابطہ

پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوامی ریلیف پر حکومتی و جماعت اسلامی کی ٹیکنیکل کمیٹیوں کا اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے قائم مقام امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا، جس میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ لیاقت بلوچ کے مطابق

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ڈیجیٹل ذرائع حق خودارادیت کی تحریکوں کو دبانے کیلئے استعمال کیے جارہے ہیں، پاکستان

اسلاموفوبیا، نسل پرستی اور غیر ملکیوں سے نفرت کے رجحانات کی روک تھام کیلئے عالمی سطح پر موثر اقدامات اور تعاون کی ضرورت، امانت علی

اے آئی شعبے میں شفاف عالمی نظام حکمرانی ناگزیر ہے' اقوام متحدہ شعبہ اطلاعات کثیر اللسانی نظام کے فروغ کیلئے مزید وسائل مختص کرے، پریس قونصلر

نیویارک (آئی این پی) پاکستان نے عالمی ڈیجیٹل منظرنامے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ ٹیکنالوجی کی بڑی عالمی کمپنیاں جدید ٹیکنالوجی، سنسرشپ اور ڈیجیٹل نگرانی کو منظم انداز میں استعمال کرتے ہوئے حق خودارادیت کی جائز

بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



اسلام آباد، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار سے ایرانی سفیر رضا امیری ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے حاجی جلیل حریفال کی قیادت میں ڈسٹرکٹ شیرانی کا وفد ملاقات کررہا ہے

سائیں کمال خان شیرانی پشتون قومی تحریک کے صف اول کے رہنماء تھے، پشتونخوامیپ

16ویں برسی پرانکے ناقابل بیان جدوجہد، قربانیوں اور پشتون قومی تحریک میں پرافتخار کردار پرخراج عقیدت

سائیں کمال خان شیرانی نے خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے رفیق کار کی حیثیت سے تاریخی کردار ادا کیا

وہ ایک بلند پایہ علمی شخصیت تھے، مرحوم کی ملی ارمانوں کی تکمیل کی جائیگی، پشتونخوامیپ



کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پشتون قومی تحریک کے رہنماء سائیں کمال خان شیرانی کی 16ویں برسی کے موقع پر اواشاد سائیں کمال خان شیرانی کو ان کے ناقابل بیان جدوجہد، قربانیوں اور پشتون قومی تحریک میں پرافتخار کردار پر پارٹی زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اواشاد سائیں کمال خان شیرانی کا شمار پشتون قومی تحریک کے صف اول کے رہنماؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے رفیق کار کی حیثیت سے نہایت اہم اور تاریخی کردار ادا کیا تھا۔ پشتون عوام کے قومی سیاسی شعور کو بیدار کرنے اور قومی تحریک کو علمی سائنسی بنیادوں پر منظم کرنے میں مرتے دم تک رہنماء کلیدی کردار ادا کیا اور وہ ایک بلند پایہ علمی شخصیت تھے۔ پشتون افغان غیور ملت کی قومی نجات کے لیے انہوں نے اپنی تمام زندگی وقف کی تھی اور اُس وقت سرکاری ملازمت کو بھی قربان کیا۔ 1950 کی دہائی میں پشتو رسالہ اور عالمی سطح کے بلند پایہ ادیبوں کے تصانیف کا پشتو زبان میں تراجم ان کا لازوال علمی ورثہ ہے۔ مرحوم نے پشتونخوا وطن کی قومی وحدت اور پشتون افغان کی قومی جمہوری اقتدار کے قیام متحدہ صوبہ پشتونستان کے قیام اور ملک کے محکوم اقوام و عوام کیلئے جمہوری فیڈریشن کی تشکیل، قومی آزادی، جمہوریت، سماجی انصاف، امن وترقی کی جدوجہد میں تاریخی کردار ادا کیا ہے جو پشتون غیور ملت قومی سیاسی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہے۔ بیان کے آخر میں کہا گیا ہے کہ پارٹی اپنے محبوب چیئرمین، ملک کے جمہوری صف کے عظیم قائد محمود خان اچکزئی کی قیادت میں قومی سیاسی جمہوری جدوجہد جاری رکھے ہوئے اور سائیں کمال خان شیرانی کے ملی ارمانوں کی تکمیل کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی

مستونگ ضلع بھر کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر بہرام سلیم کے زیرصدارت پولیومہم کے تیسرے روز کے اختتام پر ایونگ اجلاس منعقد

مستونگ (نامہ نگار) اجلاس اسسٹنٹ کمشنر مستونگ، ڈی ایچ او مستونگ، DPCR مستونگ کے تمام آفیسران ن Nسٹاپ آفیسر WHO کے ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیونیکیشن آفیسر ڈسٹرکٹ سرویلنس آفیسر WHO فوکل پرسن پولیو ڈپٹی کمشنر آفس مستونگ ایمونائزیشن آفیسر تمام محکمہ جات کے آفیسران سمیت مانیٹرنگ آفیسران یوسی ایم اوز نے شرکت کی۔

سیاسی رہنماؤں وکارکنوں کو دہشت گردی وتشدد کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، دارا خان جوگیزئی

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی ڈپٹی سیکرٹری نوابزادہ سکندر خان جوگیزئی پر دستی بم حملے کے خلاف قلعہ سیف اللہ میں مکمل شٹرڈاؤن ہڑتال کی گئی، جس کے دوران شہر بھر کے بازار اور کاروباری مراکز مکمل طور پر بند رہے۔ حملے کے خلاف سیاسی جماعتوں، تاجر تنظیموں اور عوام کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ بھی کیا گیا جس میں انتظامیہ اور حکومت وقت کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی۔ احتجاجی مظاہرہ بعدازاں پشتونستان چوک پر ایک بڑے احتجاجی جلسے کی شکل اختیار کر گیا۔ احتجاجی جلسے کی صدارت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی صدر حاجی دارا خان جوگیزئی نے کی۔ جلسے سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی صدر حاجی دارا خان جوگیزئی، جمعیت علماء اسلام تحصیل قلعہ سیف اللہ کے امیر مولوی محمد نعیم، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے ضلعی امیر مولوی جمعہ خان، پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر سیف اللہ شاکر، زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبداللہ جان میرزئی، انجمن تاجران کے ضلعی صدر رحمت اللہ خوستی، مرکزی تنظیم تاجران کے ضلعی صدر مولوی شمس الدین جوگیزئی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے تحصیل سیکرٹری اطلاعات نذیر جوگیزئی اور مولوی امان اللہ نے خطاب کیا۔ مقررین نے نوابزادہ سکندر خان جوگیزئی پر ہونے والے دستی بم حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو دہشت گردی اور تشدد کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ایسے بزدلانہ حملے سیاسی آوازوں کو دبانے اور علاقے کے امن وامان کو خراب کرنے کی کوشش ہیں۔

وزیر تعلیم کو خط، 52 کروڑ سے زائد رقم کے باوجود ریٹائرڈ ملازمین واجبات سے محروم

جامعہ کے 170 سے زائد ریٹائرڈ پروفیسرز، اساتذہ اور ملازمین کی فوری ادائیگی کا مطالبہ

واجبات کی ادائیگی میں مزید تاخیر کسی صورت مناسب نہیں اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کا اظہارِ تشویش

کوئٹہ (پ ر) جامعہ بلوچستان کی اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن نے صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی کو خط ارسال کرتے ہوئے جامعہ کے 170 سے زائد ریٹائرڈ پروفیسرز، اساتذہ اور ملازمین کے گزشتہ پانچ سال سے زیر التوا پنشن، کمیوٹیشن اور لیوانکیشمنٹ کے واجبات کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کیا ہے۔ اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بریچ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ان واجبات کی ادائیگی کے لیے 52 کروڑ روپے سے زائد کی رقم فراہم کی جا چکی ہے، تاہم رقم جامعہ کے اکاؤنٹ میں منتقل ہونے کے باوجود ریٹائرڈ اساتذہ اور ملازمین کو تاحال ان کے جائز واجبات ادا نہیں کیے گئے۔ انہوں نے اس صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ریٹائرڈ ملازمین گزشتہ پانچ سال سے اپنے حق کے منتظر ہیں اور مزید تاخیر انہیں شدید مالی مشکلات اور ذہنی اذیت سے دوچار کر رہی ہے۔ عمر رسیدہ اساتذہ و ملازمین کے واجبات کی ادائیگی میں مزید تاخیر کسی صورت مناسب نہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بریچ نے صوبائی حکومت، بالخصوص وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیر خزانہ اور وزیر تعلیم کا 52 کروڑ روپے سے زائد کی رقم فراہم کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری مداخلت کرتے ہوئے جامعہ بلوچستان انتظامیہ کو تمام واجب الادا ریٹائرمنٹ واجبات بلا مزید تاخیر ادا کرنے کے واضح احکامات جاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ رقم کا مقصد ریٹائرڈ ملازمین کو ان کا طویل عرصے سے رکا ہوا حق فراہم کرنا ہے، لہٰذا اس رقم کی فوری تقسیم یقینی بنائی جائے۔



گوادر، میر عبدالغفور کلمتی ہسپتال میں گردوں کے مریضوں کا ڈائیلائسز کیا جارہا ہے

محمد شریف شاہوانی کے انتقال پر اظہار تعزیت وافسوس

کوئٹہ (پ ر) ایڈمنسٹریٹیو آفیسرز اسٹاف ایسوسی ایشن، جامعہ بلوچستان ایڈمنسٹریٹیو آفیسرز اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے چیئرمین نذیر احمد لہڑی، جنرل سیکرٹری نعمت اللہ کاکڑ، وائس چیئرمین محمد اکرم جنگ، جوائنٹ سیکرٹری سید شاہ بابر، فنانس سیکرٹری عبدالرشید مینگل، پریس سیکرٹری محمود خان اچکزئی اور ایگزیکٹو ممبران شمس اللہ علیزئی، عالم خروٹی، طاہر کاسی، منیر جنگ اور ذوالفقار حیدر نے جامعہ بلوچستان کے ڈپٹی ٹریژرر محمد شریف شاہوانی کے انتقال پر گہرے رنج وافسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم کی وفات سے جامعہ بلوچستان ایک قابل، مخلص اور تجربہ کار آفیسر سے محروم ہوگئی ہے۔ ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا۔ ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور ایگزیکٹو ممبران نے مرحوم کے اہل خانہ، عزیز واقارب اور جامعہ بلوچستان کے ساتھیوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ سوگوار خاندان کو صبر جمیل اور یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ آمین

تنظیمی فعالیت میں کوئی سستی برداشت نہیں کی جائے گی، نعیم پیرعلیزئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط صدر تحصیل کمیٹی کا اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیرعلیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری جمال مندوخیل، ضلع ایگزیکٹوز وضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سابق گورنر جسٹس (ر) امان اللہ یاسین زئی ملاقات کررہے ہیں

اپکا واسا کے سال 28-2026 کے انتخابات مکمل

صدر سردار محمد اور جنرل سیکرٹری عبدالقدوس سمیت دیگر کابینہ بلا مقابلہ منتخب

کوئٹہ (پ ر) اپکا واسا کے سال 28-2026 کے انتخابات مکمل، صدر سردار محمد اور جنرل عبدالقدوس سمیت دیگر کابینہ بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ الیکشن برائے اپکا واسا یونٹ الیکشن 28-2026 کے حوالے سے 20 اکتوبر 2026 کو واسا یونٹ کے الیکشن کیلئے شیڈول جاری کردیا گیا جس کے تحت کاغذات نامزدگی کیلئے کا نذات جمع کرانے کی آخری تاریخ 2026-11-03 دن 12 بجے مقرر کی گئی اور کاغذات کی جانچ پڑتال کا وقت ایک بجے مقرر کیا گیا تھا، اور تین بجے تک کاغذات پر اعتراضات تحریری طور پر جمع کرنے کا وقت مقرر کیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں 03 نومبر 2026 بوقت ساڑھے تین بجے تک صرف ایک پینل کی طرف سے کاغذات نامزدگی وصول ہوئی ہے اور جانچ پڑتال کے بعد پینل کے کاغذات منظور کئے گئے اور 3 بجے تک کسی دوسرے پینل کے کاغذات نامزدگی یا اعتراضات جمع نہیں کئے۔ (لہٰذا) پھول پینل (کے صدر سردار محمد کاکڑ اور ان کی پوری کابینہ کو بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ جنرل سیکرٹری عبد القدوس، سینئر نائب صدر) اول (فہیم لانگو سینئر نائب صدر) دوئم (، ملک محمد زاہد سینئر نائب صدر) سوئم (جمال عبدالناصر، جونیئر نائب صدر اول محمد اقبال، جونیئر نائب صدر دوئم آغا احمد شاہ، جونیئر نائب صدر سوئم مومن خان، ڈپٹی جنرل سیکرٹری غلام علی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عاشق حسین، جوائنٹ سیکرٹری نثار احمد، پریس سیکرٹری شاہ نواز، فنانس سیکرٹری محمد ایوب خان، آفس سیکرٹری محراج الدین بلا مقابلہ منتخب ہوگئے

بقیہ 01

مطلوبہ اکثریت حاصل کرلی ہے۔ نتائج کے مطابق ایوان نمائندگان میں ڈیموکریٹس کے 231 اور ریپبلکن کے 139 ارکان کو برتری حاصل ہے، 435 رکنی ایوان نمائندگان کا کنٹرول سنبھالنے کیلئے کسی بھی جماعت کو 218 نشستوں پر کامیابی درکار تھی جو ڈیموکریٹس نے حاصل کرلی۔ امریکی سینیٹ کے ابتدائی نتائج کے مطابق سینیٹ میں ڈیموکریٹس کی 20 نشستوں پر برتری کے بعد تعداد 54 ہوگئی جب کہ ریپبلکنز کو 13 نشستوں پر برتری حاصل ہوئی جس کے بعد سینیٹ میں ریپبلکنز ارکان کی تعداد 44 ہوگئی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات کے نتائج تسلیم کرنے کا اعلان کردیا۔ فاکس نیوز کو انٹرویو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ انتخابی نتائج تسلیم کروں گا، ڈیموکریٹس کو انتخابی کامیابی پر مبارک باد دیتا ہوں، ڈیموکریٹس نے انتخابات میں اچھی کارکردگی دکھائی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ڈیموکریٹس 11 سال سے ایسی کامیابی کے منتظر تھے، بالآخر انہیں کامیابی مل گئی، انتخابی نتائج کو اپنی قیادت کے خلاف عوامی فیصلہ نہیں سمجھتا، ڈیموکریٹس کی کامیابی کو اپنی ذاتی شکست نہیں سمجھتا، ہم نے گزشتہ دو سال میں تاریخی کارکردگی دکھائی ہے۔ میرے دورِ صدارت کے گزشتہ دو سال امریکی صدارتی تاریخ کے بہترین دوسال رہے ہیں

بقیہ 02

منظوری دے دی۔ کابینہ کو نئے کرنسی نوٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کے لیے ملک بھر سے مصوروں وڈیزائنرز سے تجاویز لی گئیں اور وزیراعظم کی جانب سے قائم کردہ کابینہ کمیٹی نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے اس پر تفصیلی مشاورت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جعلی نوٹوں کی روک تھام کے لیے سیکورٹی فیچرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ جدید میٹریل کا استعمال کیا جائے گا جس سے نوٹوں کی استعمال کی معیاد میں بھی اضافہ ہوگا۔ وفاقی کابینہ نے 10 روپے کے بینک نوٹ کی جگہ 10 روپے کا سکہ متعارف کرانے کی بھی منظوری بھی دے دی۔ دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں خیبرپختونخوا میں وزیراعلیٰ کے اختیارات گورنر کو منتقل کرنے کی منظوری دیدی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق گورنر کو ایمرجنسی کے دوران روزمرہ امور انجام دینے کیلئے اختیارات منتقل کئے گئے، انتظامی امور کی آسان انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کیلئے منظوری دی گئی، گورنر اختیارات کے استعمال کی ہر ماہ وفاقی حکومت کو جائزہ رپورٹ پیش کریں گے۔ اعلامیہ کے مطابق وفاقی کابینہ نے امید ظاہر کی کہ عوام کی خوشحالی اور امن وامان کیلئے بھرپور کوششیں کی جائیں گی، امید ہے ایڈوائزری کونسل اور گورنر بھرپور کاوشیں یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 03

میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کی گئی ایک طویل پوسٹ میں جے ڈی وینس نے لکھا کہ ہماری شکست کی وجہ جنگ ہے۔ خود صدر نے بھی گزشتہ رات یہی بات کہی تھی۔ سب جانتے ہیں کہ ہم کیوں ہارے۔ اور یہاں سے ہمیں آگے کہاں جانا ہے، اس پر کوئی بھی دیانتدارانہ گفتگو یہیں سے شروع ہونی چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اگرچہ اعداد وشمار ظاہر کرتے ہیں کہ ریپبلکن عوام نے مڈٹرم انتخابات میں ووٹ ڈالے، لیکن انہوں نے اپنی پارٹی کے امیدواروں کو ووٹ نہیں دیے۔ جے ڈی وینس نے اس تبدیلی کی ایک وجہ یہ بھی بتائی کہ ہمارا معاشی پیغام اور بیانیہ اتنا موثر اور واضح نہیں تھا۔ حالیہ پولنگ ڈیٹا کا حوالہ دیتے ہوئے جے ڈی وینس نے واضح کیا کہ 2024 میں ٹرمپ کو ووٹ دینے والے ووٹرز اب بنیادی طور پر 4 چیزوں کا مطالبہ کررہے تھے جن میں جنگ ختم کرنا، مہنگائی پر توجہ دینا، امریکا فرسٹ پالیسی اختیار کرنا اور اسرائیل کے ساتھ تعلقات میں تبدیلی شامل تھی۔ یاد رہے کہ رواں سال کے اوائل میں صدر ٹرمپ کے ایران پر بمباری کرنے کے فیصلے سے قبل، نائب صدر جے ڈی وینس نے اس جنگ پر ہچکچاہٹ کا اظہار کیا تھا، انہیں خدشہ تھا کہ امریکا ایک ایسے تنازع میں الجھ جائے گا جس سے نکلنا مشکل ہو گا۔ امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ اگر جے ڈی وینس 2028 کے صدارتی انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو وہ صدارتی نامزدگی کے لیے مضبوط ترین امیدواروں میں سے ایک ہوں گے۔

بقیہ 04

ریلیف دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایل پی جی مافیا کا دورختم ہو چکا ہے، ایل پی جی امپورٹ کرکے عام آدمی کو ریلیف دیں گے، بجلی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا، فیول سبسڈی دسمبر تک جاری رہے گی۔ بدھ کو کابینہ اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے پیٹرول پمپس پر بے ضابطگیوں کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ عوامی ریلیف کے لیے فیول سبسڈی اسکیم شروع کی گئی، ریلیف پیکج کی مد میں 28 ارب روپے رکھے گئے، جس سے ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد براہ راست استفادہ کر چکے ہیں۔ یہ پروگرام دسمبر کے آخر تک جاری رہے گا۔ جو پیٹرول پمپس ریلیف پیکج پر پیٹرول نہیں دے رہے ایسے پیٹرول پمپس کو صرف بند نہیں کیا جائے گا بلکہ بھاری جرمانے بھی کیے جائیں گے تاکہ دوسروں کے لیے مثال قائم ہو، انہوں نے کہا کہ دہائیوں سے سرگرم مافیا کا دور ختم ہو چکا ہے اور اب شفافیت کے ساتھ کام کیا جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ خطے میں بدامنی قیمتیں بڑھنے کی سب سے بڑی وجہ ہے، دنیا

میں تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، گزشتہ جمعہ پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے اضافہ ہونا تھا، تاہم اس معاملے پر وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اوران کی ٹیم نے ذمہ داری کے ساتھ کام کیا۔ ریفائنریز کو کہا قیمتوں کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالنے دیں گے، پیٹرول کی قیمتیں نہ بڑھانے پر وزیر پیٹرولیم اوران کی ٹیم کا مشکور ہوں۔ حکومت کی کوشش ہے کہ عالمی حالات اور قیمتوں کے دباؤ کے باوجود عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔ ایل پی جی کے حوالے سے وزیراعظم نے کہا کہ اس کی درآمد سے مارکیٹ میں مسابقت بڑھے گی، جبکہ مقامی ایل پی جی کی فروخت سے حاصل ہونے والا منافع حکومت کے خزانے میں آئے گا، اس رقم کو عام آدمی کو ریلیف دینے کے لیے استعمال کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ اس مقصد کیلئے طریق کار تیار کرلیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے سردیوں میں توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے حوالے سے کہا کہ حکومت ایل این جی، ایل پی جی اور توانائی کے دیگر ذرائع کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مسلسل اجلاس اور مشاورت کررہی ہے

بقیہ 05

وفاق اور پیپلز پارٹی کے درمیان انتظامی معاملات، آئندہ قانون سازی اور مجوزہ آئینی ترامیم سمیت اہم سیاسی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال اور صوبے میں گورننس کے معاملات زیرِ بحث آئے، جبکہ صوبائی انتظامی امور اور اختیارات کے حوالے سے وفاقی حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان مشاورت ہوئی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کی جانب سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو صوبائی معاملات میں مؤثر کردار اور مناسب اختیارات دینے کا معاملہ بھی اٹھایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملاقات میں آنے والے دنوں کے دوران پارلیمنٹ میں متوقع اہم قانون سازی اور مجوزہ آئینی ترامیم پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ پیپلز پارٹی نے مؤقف اختیار کیا کہ اہم قانونی بلوں کی منظوری سے قبل پارٹی کو اعتماد میں لیا جائے اور مجوزہ بلوں کے مسودے پیشگی فراہم کیے جائیں تاکہ ان کا جائزہ لے کر اپنی تجاویز اور تحفظات سامنے رکھے جاسکیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے زیر غور قانونی بلوں کے حوالے سے پیپلز پارٹی کے تحفظات وزیراعظم کے سامنے رکھے، جس پر شہباز شریف نے یقین دہانی کرائی کہ قانون سازی کے اہم معاملات میں پیپلز پارٹی کو اعتماد میں لیا جائے گا اور اس کے تحفظات دور کرنے کے لیے مشاورت جاری رکھی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل اور اس کے سربراہ کے انتخاب کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ پیپلز پارٹی نے انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی کی چیئرمین شپ حاصل کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ کمیٹی میں اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری سیاسی معاملات اور مجموعی ملکی سیاسی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے بلاول بھٹو زرداری کو یقین دہانی کرائی کہ آئندہ سیاسی اور قانون سازی کے معاملات پر مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور اہم فیصلوں میں اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اہم ملاقات اور عشائیے میں پیپلز پارٹی کے وفد میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، گورنر پنجاب اور چیئرمین سینیٹ سمیت دیگر رہنما شریک تھے۔ نوید قمر اور راجہ پرویز اشرف نے بھی عشائیے اور اہم ملاقات میں شرکت کی۔ ملاقات کو وفاقی حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان سیاسی مشاورت، اتحادی تعاون اور آئندہ پارلیمانی وقانون سازی کے معاملات کے تناظر میں اہم قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 06

تلاش گمشدہ

منکہ مسمی جمال ناصر ولد غلام جیلانی مجھ سے درج ذیل چیکس کہیں گرکر گم ہوگئے ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہیں۔ الائیڈ بینک سورج گنج بازار برانچ کوئٹہ چیک نمبر 40525605 مورخہ 1/11/2026 مبلغ پانچ لاکھ، مسلم کمرشل بینک شارع اقبال برانچ کوئٹہ چیکس نمبر 1932531270 مورخہ 1/1/2026 مبلغ پانچ لاکھ، 1932531269 محررہ 1/1/2027 مبلغ پانچ لاکھ، 1932531268 مورخہ 1/2/2027 مبلغ پانچ لاکھ، 1932531267 مورخہ 1/3/2027 مبلغ پانچ لاکھ، 1932531275 مورخہ 1/4/2027 مبلغ پانچ لاکھ روپے، 1932531266 مورخہ 1/9/2027 مبلغ پانچ لاکھ، 1932531265 مورخہ 1/10/2027 مبلغ پانچ لاکھ، بینک اسلامی گوالمنڈی کوئٹہ برانچ چیکس نمبر 00354751 مورخہ 1/7/2027 مبلغ پانچ لاکھ، 00354753 مورخہ 1/8/2027 مبلغ پانچ لاکھ، 00354755 مورخہ 1/5/2027 مبلغ پانچ لاکھ 00354754 مورخہ 1/6/2027 مبلغ پانچ لاکھ کہیں گم ہوگئے ہیں بسیار تلاش کے باوجود دستیاب نہ ہے ملنے پر موبائل نمبر 03339990945 پر مطلع کریں

المشتہر: جمال ناصر ولد غلام جیلانی

پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ بدھ کو ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں جانب سے دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ایران کے ساتھ قریبی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں علاقائی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 07

آرڈرز کی مجموعی مالیت 6 ارب ڈالر رہی۔ حکومت عالمی منڈی سے مزید سرمایہ حاصل کرنے کے لیے یورو بانڈ، پانڈا بانڈ اور ڈالر میں ادائیگی والے بانڈز جاری کرنے کی منصوبہ بندی کررہی ہے۔ پارلیمنٹ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے بتایا کہ پاکستان کی مالیاتی ضروریات اور عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کے پیش نظر مختلف اقسام کے بانڈز کے اجرا کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق بینکاک میں 80 سے 90 ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کے ساتھ ملاقاتیں ہوئیں، جن میں پاکستان کی معاشی صورتحال اور سرمایہ کاری کے امکانات پر بات چیت کی گئی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ عالمی سرمایہ کاروں کی پاکستان پر واضح نظر ہے اور وہ موجودہ مالیاتی پروگرام سے آگے ملک کے معاشی امکانات کا بھی جائزہ لے رہے ہیں۔ ان کے بقول سرمایہ کار صرف جاری پروگرام تک محدود نہیں بلکہ مستقبل میں پاکستان کی مالیاتی اور اقتصادی پیش رفت میں بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ یورو بانڈ کے اجرا کے لیے ساڑھے پانچ سال اور 10 سال کی مدت پر مشتمل دو حصوں کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ ساڑھے پانچ سالہ مدت رکھنے کا مقصد مستقبل میں بانڈز کی ادائیگیوں کا بوجھ ایک ہی وقت میں جمع ہونے سے بچانا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے لیے سالانہ ایک سے ڈیڑھ ارب ڈالر کی یورو بانڈ ادائیگیاں قابل انتظام ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عالمی مالیاتی منڈیوں سے سرمایہ حاصل کرنے کے مختلف راستوں پر کام کررہی ہے۔

بقیہ 08

ایئرپورٹ پر جا کر لگا جس کے نتیجے میں ایئرپورٹ کو نقصان پہنچا۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی حکام نے تاحال ایئرپورٹ پر حملے کی تصدیق نہیں کی۔ یمن کے حوثی باغیوں نے سعودی عرب میں 3 اہداف پر میزائل اور ڈرون حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق حوثیوں کے عسکری ترجمان یحییٰ سریع نے اعلان کیا کہ پہلے آپریشن میں سعودی عرب کے خطے نجران میں واقع ایک فوجی کیمپ کو نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان کے مطابق دیگر دو کارروائیاں جازان کے علاقے میں کی گئیں جن میں سے ایک حملے میں ڈرون کے ذریعے ایک ملٹری ریڈار کو نشانہ بنایا گیا جبکہ دوسرے حملے میں ایک سرحدی کنٹرول سینٹر پر بیلسٹک میزائل داغا گیا۔

بقیہ 09

وقت تک کے لیے موخر ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی سعودی وزیرخزانہ سے بہت اچھی میٹنگ بھی ہوئی۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ سعودی عرب کیساتھ جس طرح کے ہمارے تعلقات ہیں اس میں ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سعودی عرب کی طرف سے مزید سپورٹ کی فی الحال ضرورت نہیں ہے، ہمارے پاس 3 ماہ کا امپورٹ کور موجود ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ہم نے ہر سال تقریباً ڈیڑھ ارب یورو بانڈ کی پیمنٹ کرنی ہے، ہماری کوشش ہے کہ یورو بانڈ کی پیمنٹ کے لیے کوئی بھی انتظامیہ ہو اس کو مشکل پیش نہ آئے۔ محمد اورنگزیب نے مزید بتایا کہ آئی ایم ایف بورڈ سے اگلی قسط کی منظوری دسمبر میں ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ 10

ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 3 روپے 71 پیسے فی لیٹر کم ہونے کے بعد 387 روپے 81 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 5 نومبر بروز جمعرات صرف ایک روز کے لیے نافذ العمل رہیں گی۔ اوگرا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں نئی قیمتوں کی تفصیلات فراہم کردی گئی ہیں۔

بقیہ 11

حکومت اور جماعت اسلامی کی ٹیکنیکل کمیٹیوں کا اجلاس آج منعقد ہوگا جس میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے مختلف تجاویز اور متعلقہ امور کا جائزہ لیا جائے گا۔ لیاقت بلوچ نے بتایا کہ اس معاملے پر ماہرین کا اجلاس بدھ کو طے تھا تاہم حکومت نے متعلقہ ڈیٹا کی حتمی تیاری کے پیش نظر اجلاس کے لیے ایک دن کی مہلت طلب کی ہے جس کے بعد اجلاس آج (جمعرات کو) منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت اور جماعت اسلامی کی جانب سے طے پانے والے مسودے کا امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان خود جائزہ لیں گے تاکہ تمام تجاویز اور نکات کا تفصیلی مطالعہ کیا جاسکے۔ لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ حافظ نعیم الرحمان اور جماعت اسلامی کے دیگر قائدین سے مشاورت کے بعد ہی آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ حکومتی اور جماعت اسلامی کی ٹیکنیکل کمیٹیوں کے آئندہ اجلاس میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنے سے متعلق تجاویز پر پیش رفت متوقع ہے۔

بقیہ 12

سے سبزیوں اور چارے کی فصلوں کی آبپاشی کے معاملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل، بلوچستان انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی، مینجنگ ڈائریکٹر واسا اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کو آئندہ سماعت تک جامع رپورٹس پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ جسٹس اقبال احمد کاسی اور جسٹس میاں محمد رؤف عطا پر مشتمل بلوچستان ہائی کورٹ کے دورکنی بینچ نے دائر آئینی درخواست کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ماہر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل، ڈائریکٹر جنرل بلوچستان انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی، مدعاعلیہ نمبر 5 کے وکیل، مینجنگ ڈائریکٹر واسا کے وکیل اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ مدعا علیہ نمبر 6 کی جانب سے پیرا وائز کمنٹس جمع کرادیے گئے ہیں، جنہیں ریکارڈ کا حصہ بنالیا گیا، جبکہ درخواست گزار کے وکیل کو ان کی نقل فراہم کردی گئی۔ عدالت نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ وہ مدعا علیہان نمبر 1 تا 3 کی جانب سے پیرا وائز کمنٹس جمع کرائیں، جبکہ مدعا علیہ نمبر 5 کے وکیل کو بھی دفتر میں پیرا وائز کمنٹس جمع کرانے اوران کی پیشگی نقل درخواست گزار کے وکیل کو فراہم کرنے کا حکم دیا، تاکہ آئندہ کارروائی کے لیے معاملے کو تیار کیا جاسکے۔ عدالت نے ڈائریکٹر جنرل بلوچستان انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی، مینجنگ ڈائریکٹر واسا اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کو ہدایت کی کہ وہ آئندہ سماعت تک تفصیلی رپورٹس جمع کرائیں، جن میں درخواست میں اٹھائے گئے نکات، غیر صاف شدہ سیوریج کے پانی کے استعمال کی روک تھام کے لیے کیے گئے اور مجوزہ اقدامات کی وضاحت شامل ہو۔ دورانِ سماعت عدالت نے قرار دیا کہ اس معاملے کے مؤثر اور جامع فیصلے کے لیے ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو بھی فریق بنانا ضروری ہے۔ چنانچہ درخواست گزار کے وکیل کو ہدایت کی گئی کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل کو بطور مدعا علیہ نمبر 7 درخواست میں شامل کیا جائے۔ اس ضمن میں ضروری کارروائی مکمل ہونے کے بعد عدالت کا دفتر نئے فریق کو نوٹس جاری کرے گا اور آئندہ سماعت سے قبل پیرا وائز کمنٹس طلب کرے گا۔ عدالت نے اپنے حکم میں قرار دیا کہ درخواست میں عوامی اہمیت کا نہایت اہم مسئلہ اٹھایا گیا ہے، جس کا تعلق سیوریج کے غیر صاف شدہ پانی سے سبزیوں اور چارے کی فصلوں کی آبپاشی اور اس کے نتیجے میں انسانی وحیوانی صحت کو لاحق خطرات سے ہے۔ عدالت کے مطابق صحت عامہ، خوراک کے تحفظ اور ماحولیاتی آلودگی سے متعلق درخواست گزار کے خدشات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ عدالت نے مزید نشاندہی کی کہ اسی نوعیت کا معاملہ اس سے قبل بھی آئینی درخواست نمبر 2019/813 کے تحت زیر سماعت آچکا ہے، جس میں متعلقہ حکام کو تفصیلی ہدایات جاری کی گئی تھیں۔ تاہم موجودہ درخواست میں غیر صاف شدہ سیوریج کے پانی سے زرعی زمینوں کی آبپاشی جاری رہنے کے الزامات اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ سابقہ عدالتی احکامات پر عمل درآمد اور متعلقہ اداروں کے اقدامات کی مؤثریت کا جائزہ لیا جائے۔

بعدالت تحصیلدار / درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی نصراللہ ولد عبدالقادر مرحوم قوم اچکزئی ساکن کچھ درخواست پیش کیا گیا کہ میرا والد عبدالقادر مرحوم ولد شیر محمد قوم اچکزئی ساکن کچھ وفات پاچکا ہے۔ جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان بی بی باران بیوہ، نادر خان، نصراللہ پسران بی بی عارفہ، بی بی حاجرہ دختران عبدالقادر قوم اچکزئی ساکن کچھ ہیں۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذرواعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیردستخطی کو پیش کرے بعداز معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 4/11/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

بعدالت نائب تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم سب تحصیل تیراالیسوٹ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی عبدالقادر ولد شنکئی ساکن موضع تنگی سر نے ایک قطعہ درخواست پیش کی کہ میرا چچا دین محمد ولد روزک لاولد فوت ہوچکا ہے جس کی جائیداد کا جائز وارث میرا والد شنکئی ولد روزک ہے اور میرا والد شنکئی ولد روزک بھی فوت ہوچکا ہے جس کی جائیداد کے جائز وشرعی وارث عبدالقادر ولد شنکئی ہے اس کے علاوہ اور کوئی جائز وشرعی وارث نہ ہے اگر کسی کو متوفی کے وارث پر اعتراض ہے تو اندر سات 7 یوم اپنا اعتراض زیردستخطی کو پیش کریں معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر، اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 4/11/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

نائب تحصیلدار تیراالیسوٹ

بعدالت تحصیلدار / درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مسمی ثناء اللہ ولد محمد حیات مرحوم قوم بلوچ ساکن کچھ درخواست پیش کیا گیا کہ میرا والد محمد حیات بلوچ مرحوم ولد مولاداد قوم بلوچ ساکن کچھ وفات پاچکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان ثناء اللہ، عطاء اللہ پسران سلمہ، نغمہ دختران محمد حیات بلوچ قوم بلوچ ساکن کچھ ہیں۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذرواعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیردستخطی کو پیش کرے بعداز معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر اول سٹی کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد سلیم ولد حاجی حسنین خان قوم جدون ساکن کوئٹہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے۔ جائیداد ہذا انتقال نمبر 105 وارڈ نمبر 25 سٹی کوئٹہ میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی محمد سلیم کے پسماندگان میں صبیحہ سلیم بیوہ، سیف اللہ خان، عامر خان پسران سدرہ جدون، مہوش، عمارہ جدون بحق جائز وارث ہیں اس کے علاوہ دیگر جائز وارث نہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذرواعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیردستخطی کو پیش کرے بعداز معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 4/11/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سٹی کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار / درجہ اول اسسٹنٹ کلکٹر سریاب کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ مساۃ بی بی مہر نگار بیوہ غلام مصطفیٰ مرحوم قوم شاہوانی ساکن کچھ درخواست پیش کیا گیا کہ میرا شوہر غلام مصطفیٰ مرحوم ولد قمبر علی قوم شاہوانی ساکن کچھ وفات پاچکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان بی بی مہر نگار بیوہ، طارق اقبال، طاہر اقبال، بی بی آسیہ، روبینہ یوسف، بی بی فرزانہ، شبانہ بی بی، ماہ نور دختران غلام مصطفیٰ قوم شاہوانی ساکن کچھ ہیں۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذرواعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیردستخطی کو پیش کرے بعداز معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 4/11/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سریاب کوئٹہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر اول سٹی کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمود احمد ولد عبدالرشید قوم کاڑ ساکن کوئٹہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے۔ جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے۔ جائیداد ہذا بحوالہ انتقال نمبر 480 محال چشمہ خدو موضع کانسی سٹی کوئٹہ میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی محمود احمد کے پسماندگان میں نرگس بی بی بیوہ، سکندر رانی بحق جائز وارث ہیں اس کے علاوہ دیگر جائز وارث نہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذرواعتراض ہوتو اندر 7 یوم زیردستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 4/11/2026 کو میرے دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

تحصیلدار سٹی کوئٹہ

بعدالت جناب جنید نواز خان سینئر سول جج بااختیارات ڈسٹرکٹ جج جعفرآباد بمقام ڈیرہ اللہ یار

درخواست جانشینی نمبر 43/2026 1۔ مساۃ زینت بیوہ مرحوم حضور بخش 2۔ ہادی بخش 3۔ محمد مزمل 4۔ مائی علیزہ 2 تا 4 دختر وپسران مرحوم حضور بخش اقوام راہیجہ ساکنان شہید مراد کالونی ڈیرہ اللہ یار تحصیل جھٹ پٹ ضلع جعفرآباد **بنام**: عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ برائے ترکہ متوفی

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ عنوان بالا درخواست جانشینی سائلان / سائل نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ ترکہ متوفی حضور بخش ولد غلام حیدر عدالت ہذا میں گزاری ہے جو کہ محکمہ ایریگیشن سے ریٹائر ملازم تھا جس کا بینک ذمہ ماہانہ -/12,995 روپے تنخواہ لیا کرتا تھا۔ درخواست جانشینی کی تاریخ پیشی 11/11/2026 عدالت ہذا میں مقرر ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا کے ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو درخواست مذکورہ پر کسی قسم کا اعتراض ہوتو مقرر کردہ تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں حاضر ہوکر اپنا عذر پیش کرے ورنہ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 3/11/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا

سینئر سول جج جعفرآباد بمقام ڈیرہ اللہ یار

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج IV کوئٹہ

مثل نمبر 8/2026 — آئندہ تاریخ پیشی 6/11/2026

عبدالہادی وغیرہ **بنام**: فرحان نوشہ وغیرہ — اشتہار بنام فرحان نوشہ ولد محمد نوشہ سکنہ مکان نمبر B-7-20/71 علمدار روڈ محلہ پنجابی امام بارگاہ کوئٹہ: ہرگاہ یہ کہ مندرجہ مذکورہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیرسماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ ساعت مورخہ 6/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ یہ کہ مقدمہ عنوان بالا مدعا علیہ / مدعا علیہم تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ طور پر گریزاں اور حاضر نہ ہیں لہٰذا اشتہار ہذا بنام مذکورہ بالا مدعا علیہ / مدعا علیہم جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مندرجہ بالا مدعا علیہ / مدعا علیہم آئندہ تاریخ ساعت کو بمقام کوئٹہ اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا نہیں ہوگا تو اس نسبت سے ان کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 30/10/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج IV کوئٹہ

بعدالت فیملی جج I کوئٹہ

مثل نمبر 192/2026 سمیرا زوجہ عبدالناصر سکنہ طوغی روڈ کوئٹہ **بنام**: عبدالناصر ولد داد محمد سکنہ بادینی سٹاپ لنک روڈ سریاب کوئٹہ

دعویٰ خلع

اشتہار بنام مدعا علیہ / مدعا علیہم: عبدالناصر ولد داد محمد سکنہ بادینی سٹاپ لنک روڈ سریاب کوئٹہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیرسماعت ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ ساعت 18/11/2026 مقرر ہوچکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ عدالت ہذا کے سمن لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہٰذا اشتہار مدعا علیہ / مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ ساعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج مورخہ 4/11/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

فیملی جج I کوئٹہ

درخواستیں مطلوب ہیں

بلوچستان پولیس ضلع پشین (ژوب رینج) میں ذیل آسامی کو پُر کرنے کیلئے امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	بنیادی اسکیل	پشین	قابلیت
1	(دھوبی)	B-01	1	پڑھنا لکھنا جانتا ہو مڈل پاس اور متعلقہ شعبے میں مہارت رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی

ضروری ہدایات (1) درجہ چہارم کی خالی آسامی پر بھرتی کیلئے ضلع پشین کے لوکل امیدوار درخواست دینے کے اہل ہونگے (2) ضلع کی خالی آسامی کیلئے درخواستیں متعلقہ ضلع ایس پی آفس پشین میں مورخہ 22 نومبر 2026ء تک دفتری اوقات میں وصول کی جائیگی (3) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائیگا (4) کاغذات جمع کراتے وقت فارم فیس مبلغ -/200 روپے (ناقابل واپسی) ادا کرنے ہونگے (5) درخواست فارم کے ساتھ دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر قومی شناختی کارڈ، تمام تعلیمی اسناد اور حکومت بلوچستان کے تعین کردہ مروجہ پالیسی APT Rule 2009, کے پیرا 9 سب پیرا 6 کے تحت ضلع پشین کے لوکل امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں (6) درخواست جمع کرنے والے امیدوار کی عمر 18 سال سے کم نہ اور عمر کی بالائی حد تک میں حکومت بلوچستان کی موجودہ مجوزہ پالیسی کے تحت رعایت دی جاسکتی ہے (7) پہلے سے سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے منسلک شدہ تمام ضروری کاغذات ارسال کریں (8) آسامیوں کیلئے متعلقہ ٹریڈ میں عملی ٹیسٹ اور انٹرویو کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائیگا (9) محکمہ ہذا بغیر کسی وجہ کے مشتہر شدہ آسامی کو ختم کرنے یا تعداد میں کمی و بیشی کا مجاز ہوگا (10) متعلقہ ٹریڈ میں عملی ٹیسٹ / انٹرویو میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو TA/DA نہیں دیا جائیگا۔

ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس ژوب رینج ژوب

PRQ No 2294/04-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627111219543 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings B&R District Chaman invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	UPGRADATION OF TEHSILDAR OFFICE DISTRICT CHAMAN PSDP No 140 Z2026.0602	24,137,931

(a) Category I: buildings up to Ground + 3 storeys;
(b) Category II: buildings of Ground + 4 storeys and above, and special buildings of any height.
4. **Minimum eligibility:**
(a) a valid PEC Consulting Engineer licence for the current year, carrying service codes 0542 (Design Review), 0532 (Structural Design) and 0538 (Earthquake Engineering) under project profile 1201 (Buildings);
(b) a nominated Proof Engineer qualifying under Table 3.1, Rule 9 of the said Rules;
© active registration with the Federal Board of Revenue (Active Taxpayers List) and with the Balochistan Revenue Authority (BRA).
5. Applicants will first be evaluated technically; the minimum qualifying score is 60 marks for Category I and 70 marks for Category II. The financial proposals of technically qualified firms will then be opened. Firms shall quote a vetting rate **below Rs. 15 per sq. ft**, the rate in Schedule A of the said Rules, and the lowest rate in each category will become the panel rate.
6. The Request for Proposal (RFP) / pre-qualification document, containing the scope, eligibility, evaluation criteria, forms and terms of pre-qualification, may be downloaded free of cost from the MCQ website [web address] or obtained from the above office during working hours.
7. Sealed applications, with the technical and financial proposals in separate sealed envelopes and marked "Application for Pre-Qualification as Proof Engineering Firm – Category [I/II]", shall reach the above office by **24-11-2026 at 11:00 AM**. Technical proposals will be opened the same day at **11:30 AM** in the presence of applicants or their representatives who choose to attend. Late applications will be returned unopened.
8. Each application shall be accompanied by a refundable **security deposit** of **Rs. [100,000] for Category I** or **Rs. [200,000] for Category II**, in the form of a CDR / pay order from a scheduled bank in favour of Metropolitan Corporation Quetta. Applications without the security deposit will not be considered.
9. The vetting fee will be paid by the building owner at the panel rate determined through this process. The fee will be deposited in the MCQ challan and transferred by MCQ to the pre-qualified firm. No payment will be made from MCQ funds.
10. All applicants will be informed of the result in writing. The list of pre-qualified firms will be displayed on the MCQ website and notice board.
11. Any aggrieved applicant may submit a written application within 3 days of the act or decision complained of to the Grievance Redressal Committee already notified by LG&RD
12. MCQ reserves the right to reject any or all applications, or to cancel the process before finalising the panel, with reasons recorded in writing.

chief Metropolitan officer Metropolitan Corporation Quetta

DAB/AB No.524/04-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب جنید نواز خان سینئر سول جج بااختیارات ڈسٹرکٹ جج جعفرآباد بمقام ڈیرہ اللہ یار

درخواست جانشینی نمبر 44/2026

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ برائے ترکہ متوفی

سینئر سول جج جعفرآباد بمقام ڈیرہ اللہ یار

بعدالت جناب احمد شاہ سول جج II بااختیار ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 131/2026 — **دعویٰ دیوانی** — آئندہ تاریخ پیشی 13/11/2026

روپوش ہے۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ 3 واصل ولد نا معلوم ساکن محلہ غیر آباد خروٹ آباد سمنگلی روڈ کوئٹہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کرے بصورت دیگر یکطرفہ قانونی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 2/11/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج III کوئٹہ

TENDER NOTICE

TSE-2627111219733 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The PD Upgradation of THQ Baiker to DHQ Baiker & Establishment of 50 Bedded Hospital at Rakni Barkhan invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Residential Building & Allied Works Under Upgradation of THQ Baiker To DHQ Baiker	446,551,000

rocurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Turn over of at least 310,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Bid Security of 2% of estimated cost Tender processing fee of amount Rs. 1000 in account No. C02716 having head, PD,UEHBB **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 24 November, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: B&R office Rakhni Town Phone no: 3333097844

Email: ahtishambaloch@gmail.com

PD Upgradation of THQ Baiker to DHQ Baiker & Establishment of 50 Bedded Hospital at Rakni Barkhan

DAB/AB No.520/04-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

AUCTION NOTICE

Sealed bids are invited for disposal of the following vehicle, and scrap materials, are on **"SAME AS EXIST BASIS"** on 18th November 2026 Wednesday at 12:30 p.m. which will be opened on 18th November 2026 on Wednesday at 2:30 p.m. in the office of the Comptroller, Governor House in presence of the interested bidders / their representative's members and committee thereof.

S. No.	Lot	Particulars
1.	Lot No. 01 Vehicle	Toyota Corolla (Indus) 1600 CC, Reg: No.QAH-25, Chassis No.953502, Engine No.B954482, Model 1995-96, Date of Purchase 1996.
2.	Lot No. 02 Iron Mix	Fridge, water motor, running machine, safe, geyser (small/large), gas heater, cooking range, gas heater (German), tube light, AC, fans, mattress, street light, steel sofa (small/large), steel table, used tube-well pipes of different sizes, iron-mix scrap, etc.
3.	Lot No. 03 Aluminum	Aluminum frames (dismantled parts)
4.	Lot No. 04 Used Batteries	Used batteries of different sizes
5.	Lot No. 05 Wooden Materials	TV wooden body, office chair, dining table, single bed, single sofa and double sofa.
6.	Lot No. 06 IT Items	PC, printer, CPU, fax machine, typewriter, typing machine, TV, monitor, toner, LCD, 17-inch dish receiver.
7.	Lot No. 07 Tyers	Mixed tyres of large and small sizes
8.	Lot No. 08 Carpet Lot	Carpets (small and large, different sizes), jaffrey, tent walls (qanat) and tent roof (shamiana).
9.	Lot No. 09 Pipes	Pipes: 10 feet, 20 feet and 3 inches.

TERMS&CONDITIONS:

1. Tender should be in the name of Chairman Auction Committee, Governor House, Balochistan for disposal of Un-Serviceable Government Vehicle & Scrap materials etc.
2. Tender forms can be obtained from the office of Section Officer, Governor House after payment of:
a. Bid form of vehicles per form Fees Rs.1000/- **(call deposit amount 10% of the given bid)**
b. Scrap Form Fees Scrap per Lot Rs. 5000/- **(call deposit amount Rs. 50,000/-)**

Note:- The Tender should be in the **(Head of Account C03802. DDO QA7025).** Tender form fees should be submitted on Green Challan from National Bank of Pakistan per vehicle/lot **(Non-Refundable)** and providing a copy of CNIC.

3. The security money of the Un-Successful bidder shall only be returned after finalization of the auction proceedings. The Security money of the 2nd highest bidder whose offers are above the present value will be refunded after depositing cost by the highest bidder.
4. The successful bidder has to deposit the full amount of the offer within **fortnight** of the "Acceptance of his offer" failing which his bid shall stand cancelled without assigning any further notice in this regard and his security money shall be forfeited.
5. The successful bidder has to lift all the items sold to him at his own expenses within **15-days** of the date of issuance of authority / auction letter issued by the Chairman Auction Committee, Governor House - Balochistan, Quetta, failing which Rs. 1500/- per day per item will be charged as Storage Charges and after expiry of further **15-days** the offer in respect of un-lifted items will be cancelled and cost thereof with total security money will be forfeited.
6. The successful bidder is required to transfer the said items sanctioned in his favor within a month time, after depositing the cost of the vehicle / scrap materials failing which he will be personally responsible for any compensation.
7. Security Money in respect of the successful bidders shall only be refunded on production of a certificate issued by the respective department, that the vehicle / lot has been lifted by the bidder.
8. The committee reserve the rights to reject **"ONE OR ALL"** Bids forms without assigning any reason.
9. Conditional / incomplete or cutting offers shall not be considered.
10. A copy of CNIC of the bidder must be enclosed with the Bid form.
11. The successful bidder has to pay all Taxes according to Government policy of the total offer & other taxes if applicable.
12. No tender form will be sold after 18th November,2026, after (12:30 P.M) on Wednesday. The tender forms will be opened on Wednesday 18th November, 2026 (2:30 P.M)., in the office of the Comptroller, Governor House, Balochistan, Quetta / Chairman Auction Committee, Zarghoon road Quetta in presence of the interested bidders / their representatives and members of the auction committee.
13. The vehicle / scrap lots can be inspected during in the office timings.

COMPTROLLER GOVERNOR HOUSE QUETTA

PRQ No. 2273/04-11-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تلاش گمشدہ

میرا الیکٹرونک نمبر 221/2020 — 5620222140773

تبدیلی نام

تلاش گمشدہ

تلاش گمشدہ

درستگی نام ولدیت

تلاش گمشدہ

تلاش گمشدہ

تلاش گمشدہ

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 5450120807728 بنام دربی بی زوجہ جمعہ خان سکنہ نوشکی کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03412078720 پر مطلع کریں

BAAKHABAR مختصر اشتہارات CLASSIFIED

تلاش گمشدہ

میرا پاسپورٹ نمبر PV1228771 بنام عامر محمد ولد حبیب اللہ کہیں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے

درستگی

میرا اصل نام محمد گھرام ولد محمد عارف اور درست تاریخ پیدائش 4/9/2005 ہے جبکہ میرے تعلیمی اسناد اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان میں غلطی سے حافظ گھرام خان ولد حاجی محمد عارف اور تاریخ پیدائش 3/6/2005 لکھا گیا ہے لہذا درستگی کیلئے مشتہر ہے المشتہر: محمد گھرام ولد محمد عارف

اظہار لاتعلقی

میں اپنے حقیقی بھائی احمد عباس ولد فیض محمد سے اظہار لاتعلقی و بیزاری کا اعلان کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد کا مسمی محمد عباس سے ہمارا کوئی تعلق واسطہ نہیں ہوگا جو کوئی بھی ان سے لین دین تعلق یا قول و فعل رکھے گا وہ اپنے نفع و نقصان کے خود ذمہ دار ہونگے المشتہر:۔ درمحمد ولد فیض محمد قوم خلجی سکنہ حال ہنگوئی سٹاپ براق سکیم مشرقی بائی پاس کوئٹہ

منسوخی مختیار نامہ خاص

من حالف نے ایک مختار نامہ خاص مورخہ 10/6/2026 کو تحریر کیا اور مختار نامہ بنام سید عبدالعزیز ولد سید لعل محمد ساکن کرانی کو دیا تھا کہ ہمارے درمیان ایک مقدمہ سول جج V کی عدالت میں زیر سماعت ہے اس بابت ثالثی فیصلہ کرنے کے اختیارات دیئے تھے اب میں بذریعہ اشتہار اپنا مذکورہ بالا مختار نامہ خاص جو محررہ 10/6/2026 رجسٹری نمبر 196 کو منسوخ کرتا ہوں لہذا بذریعہ اشتہار مشتہر ہے کہ مذکورہ بالا مختار نامہ خاص کی کوئی قانونی حیثیت باقی نہ ہے لہذا اشتہار مشتہر ہے تاکہ بوقت سند رہے المشتہر:۔ سید قمر رضا ولد سید منور رضا ذات سید ساکن نیو الگیلانی روڈ ملاخیل اسٹریٹ کوئٹہ

اظہار لاتعلقی

اظہار لاتعلقی

تلاش گمشدہ

تلاش گمشدہ

اطلاع عام

تبدیلی پتہ

تلاش گمشدہ

تلاش گمشدہ

تلاش گمشدہ

بقیہ 01

رہا ہے۔شہری حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آوارہ کتوں کی بھرمار ایک سنگین عوامی مسئلہ بنتا جا رہا ہے، جس سے کسی بھی وقت ناخوشگوار واقعہ پیش آنے کا خدشہ ہے۔ خصوصاً اسکول جانے والے بچوں، بزرگوں اور خواتین کو آمدورفت کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔شہریوں نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اس اہم عوامی مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے آوارہ کتوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اور مستقل اقدامات کیے جائیں، تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے اور شہر کے عوام کو خوف و پریشانی سے نجات مل سکے۔

بقیہ 02

پر آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان کی قیادت میں ٹریڈ یونین نمائندوں پر مشتمل رابطہ کمیٹی کے وفد نے نیشنل پارٹی کے لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ سے ملاقات کی۔اس دوران مجوزہ لیبر کوڈ کے حوالے سے مزدور تنظیموں کے تحفظات، خدشات اور مطالبات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سلطان محمد خان، عبدالستار، شاہ علی بگٹی، منظور احمد بلوچ، عبدالغفار جمالی، شاہنواز زہری، حافظ عصمت اللہ، عمر حیات، اسلم ہنگرزئی، نیاز جاموٹ، عبدالستار جونیئر، عبدالحلیم خان اور عبدالشکور بلوچ سمیت دیگر مزدور رہنماؤں نے شرکت کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے نمائندوں نے داد محمد بلوچ کو مجوزہ بلوچستان لیبر کوڈ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ مزدوروں سے متعلق کسی بھی قانون سازی سے قبل حقیقی نمائندہ مزدور تنظیموں اور فیڈریشنز کو اعتماد میں لینا ناگزیر ہے۔ رابطہ کمیٹی کے نمائندوں نے واضح کیا کہ مزدوروں کی نمائندہ تنظیموں کو مشاورت کے عمل سے باہر رکھ کر اہم قانون سازی کرنا کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی جبکہ رابطہ کمیٹی نمائندوں نے نیشنل پارٹی کے لیبر سیکرٹری سے مطالبہ کیا کہ وہ پارلیمنٹ سمیت تمام متعلقہ فورمز پر مزدوروں کی آواز بنیں اور رابطہ کمیٹی کے تحفظات و مطالبات نیشنل پارٹی کی مرکزی قیادت، بالخصوص ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، سینیٹ، قومی اسمبلی اور بلوچستان اسمبلی میں پارٹی کے نمائندوں تک پہنچائیں، تاکہ مزدور طبقے کے حقوق کا مؤثر دفاع یقینی بنایا جا سکے۔ ملاقات کے دوران داد محمد بلوچ نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ نیشنل پارٹی مزدوروں، کسانوں، محنت کشوں اور عام عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور ماضی میں بھی ہر فورم پر محنت کش طبقے کے حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرتی رہی ہے، نیشنل پارٹی آئندہ بھی مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے جائز مطالبات کی حمایت میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔ داد محمد بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ جب بلوچستان میں پہلے ہی سے لیبر قوانین اور ایکٹ موجود ہیں تو ایسے میں نئے بلوچستان لیبر کوڈ کی ضرورت، اس کے اغراض و مقاصد اور موجودہ قوانین کے ساتھ اس کی مطابقت پر سنجیدہ بحث اور تمام متعلقہ فریقوں سے مشاورت ضروری ہے۔ داد محمد بلوچ نے یقین دلایا کہ رابطہ کمیٹی کی جانب سے پیش کیے گئے تمام تحفظات اور مطالبات پارٹی کی مرکزی قیادت کے سامنے رکھے جائیں گے، جبکہ جلد ہی رابطہ کمیٹی کی نیشنل پارٹی کی مرکزی قیادت سے ملاقات کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔

بقیہ 03

مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل اور ان کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں بھی دریافت کیا ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے متعلقہ افسران اور فیلڈ مانیٹرنگ ٹیموں کو ہدایت کی کہ انسدادِ پولیو مہم کے دوران مؤثر نگرانی کو اولین ترجیح دی جائے اور ہر سطح پر ذمہ داری اور مستعدی کے ساتھ فرائض انجام دیے جائیں انہوں نے واضح کیا کہ مہم کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ہر علاقے میں تعینات پولیو ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہنے پائے اور رہ جانے والے بچوں کو فوری طور پر کور کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کے مکمل خاتمے کے لیے تمام متعلقہ محکموں پولیو ورکرز اور مانیٹرنگ افسران کو باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا تاکہ مستقبل کی نسلوں کو اس خطرناک بیماری سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 04

تحقیقی دورہ کیا۔اس فیلڈ وزٹ کا بنیادی مقصد طلبہ کو پودوں، پھلدار درختوں اور فصلوں کو لاحق مختلف بیماریوں کے براہ راست مشاہدے اور ان کی سائنسی بنیادوں پر تشخیص کا موقع فراہم کرنا تھا۔ شعبے کے سربراہ ڈاکٹر ارشاد معیار اور کورس انسٹرکٹر مہناز کریم کی نگرانی میں طلبہ نے بیکٹیریائی اور وائرل انفیکشنز سے متاثرہ فصلوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔طلبہ نے نصابی علم کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف بیماریوں کی علامات کی نشاندہی کی بلکہ لیبارٹری تحقیق کے لیے متاثرہ شاخوں، مٹی اور جڑوں کے سائنسی نمونے بھی جمع کیے۔ان نمونوں کے لیبارٹری ٹیسٹ مکمل ہونے کے بعد تحقیق کے حتمی نتائج سے مقامی کاشتکاروں کو آگاہ کیا جائے گا، تاکہ وہ اپنی فصلوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھ کر بہتر پیداوار حاصل کر سکیں۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے طلبہ کو معیاری علمی و عملی تجربات کے مواقع فراہم کرنے پر شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کی کاوشوں کو سراہا۔ اپنے پیغام میں وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ جامعہ تربت چاہتی ہے کہ طلبہ جو کچھ کلاس روم میں سیکھیں، اسے عملی میدان میں بھی آزمائیں، تاکہ علاقے کے مسائل، خصوصاً زراعت سے متعلق مشکلات کا سائنسی حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ کو فیلڈ ریسرچ سے جوڑنا اور مقامی کمیونٹی کو مختلف مسائل کا سائنسی حل فراہم کرنا جامعہ تربت کے اسٹریٹجک پلان 2026-2030 کے بنیادی اہداف میں شامل ہے۔ دورے کے اختتام پر ڈاکٹر ارشاد معیار نے طلبہ کی عملی تربیت کے لیے سہولیات اور تعاون فراہم کرنے پر فارم کے مالک پروفیسر طفیل بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 05

اسکولوں، مدارس سمیت دیگر اداروں کی رجسٹریشن کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ جاری امور میں باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنایا جائے، جبکہ تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں بروقت اور بہتر انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے سرکاری امور میں شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔

بقیہ 06

عائد کیے گئے، 28 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے جبکہ 2 سویٹ سپاری یونٹس سیل کر دیئے گئے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ میں کارروائیوں کے دوران سکینہ پلازہ، مکران روڈ پر بغیر لائسنس مشتبہ خشک دودھ پاؤڈر کی پراسیسنگ اور پیکنگ کرنے والے یونٹ کو سیل کر کے انتظامیہ کو مزید تحقیقات کے لیے طلب کر لیا گیا۔ اسی طرح قلات روڈ پر بغیر لائسنس اور پروڈکٹ رجسٹریشن، ناقص صفائی اور غیر معیاری اسٹوریج پر سویٹ سپاری یونٹ کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پشتون آباد میں نمکو پراسیسنگ یونٹ کو غیر معیاری کوکنگ آئل کے استعمال اور صفائی و اسٹوریج کے ناقص انتظامات پر جرمانہ کیا گیا، جبکہ مکران روڈ پر بغیر لائسنس پکوان ہاؤس اور سرکی روڈ پر ڈسٹری بیوشن سینٹر کے خلاف بھی فوڈ سیفٹی ضوابط کی خلاف ورزیوں پر کارروائی کی گئی۔ شہر کے دیگر علاقوں میں خدئیداد روڈ، کاسی روڈ اور جوائنٹ روڈ پر ہوٹلز، پیزا شاپس، فاسٹ فوڈ پوائنٹس، بیکریز اور ڈیپارٹمنٹل اسٹورز کی چیکنگ کی گئی۔ متعدد مراکز کو صفائی کی ابتر صورتحال، ورکرز کی ذاتی حفظانِ صحت میں غفلت، کھلے کوڑے دان، زنگ آلود ریفریجریٹرز، حشرات کی موجودگی، اشیا خورونوش پر مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تاریخیں درج نہ کرنے اور خوراک کو غیر مناسب انداز میں ذخیرہ کرنے پر جرمانے کیے گئے۔دودھ کی کوالٹی چیک کرنے کے لیے سمنگلی روڈ اور طوغی روڈ پر ملک سیفٹی ٹیموں نے مختلف ملک شاپس کا معائنہ کیا۔ موقع پر لیے گئے نمونوں کی جانچ کے دوران دودھ میں پانی اور سکمڈ ملک پاؤڈر کی ملاوٹ ثابت ہونے پر 4 دودھ فروشوں کے خلاف کارروائی کی گئی جبکہ معمولی نقائص پر 5 دکانوں کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔دوسری جانب حب سٹی کے بھوانی اور آر سی ڈی ایریاز میں 22 فوڈ بزنس یونٹس کا معائنہ کیا گیا جہاں 10 مراکز پر جرمانے عائد اور 7 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔دو جنرل اسٹورز پر زائد المیعاد اشیا اور ممنوعہ گٹکا جبکہ ریسٹورنٹس میں ناقص صفائی، ممنوعہ چائنیز نمک، غیر معیاری اسٹوریج، نان فوڈ گریڈ رنگوں کے استعمال اور حشرات کی روک تھام کے ناکافی انتظامات پر کارروائی کی گئی۔مزید برآں متعدد کاروباری مراکز کے مالکان میں لائسنس کے حصول کے لیے فارم بھی تقسیم کیے گئے۔بی ایف اے حکام کے مطابق فوڈ سیفٹی ٹیمیں صوبہ بھر میں خوراک کی تیاری، ذخیرہ اندوزی، پراسیسنگ اور فروخت کے مراکز کی مسلسل نگرانی کر رہی ہیں تاکہ غیر معیاری اور مضر صحت اشیا خورونوش کی روک تھام کے ساتھ عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے

بقیہ 07

پندرانی، در محمد لہڑی، شاہنواز برڑو، وحید علی منگی، حاجی منظور احمد سیال، عبدالعزیز ڈوکی سمیت دیگر ملازمین بھی موجود تھے۔تقریب کے دوران ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور روایتی اجرک کے تحائف پیش کیے گئے۔شرکاء نے دونوں ملازمین کی طویل محکمانہ خدمات، محنت، لگن اور پیشہ ورانہ کردار کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا۔تقریب خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں ساتھی ملازمین نے ریٹائرڈ ہونے والے افسران و اہلکاروں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی آئندہ زندگی کے لیے صحت، خوشحالی اور کامیابی کی دعائیں کیں۔

بقیہ 08

احمد بلوچ، ایف سی بلوچستان 61 ونگ کے میجر علی عباس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی، ضلعی افسران، کالج کی طالبات، اساتذہ اور خواتین نے شرکت کی اس موقع پر خواتین اور طالبات نے بجلی، گیس، تعلیم، صحت، صاف پانی، نادرا، بی آئی ایس پی، فیملی پارک اور دیگر بنیادی مسائل سے متعلق اپنی شکایات اور تجاویز پیش کیں ڈپٹی کمشنر نے شرکاء کے مسائل غور سے سنے اور متعلقہ افسران کو ان کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 09

حکام کو ہدایت کی کہ آپریشن تھیٹر کو فعال بنانے کے لیے تمام ضروری طبی، تکنیکی اور انتظامی انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ اسے جلد از جلد فعال کر کے عوام کو مقامی سطح پر معیاری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احساسِ ذمہ داری، پابندی وقت اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ ادا کریں اور مریضوں کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ہسپتال میں صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر خصوصی توجہ دی جائے، جبکہ BSDI پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کے معیار اور رفتار کو بھی یقینی بنایا جائے ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کرے گی اور ہسپتال کے انتظامی و طبی امور کی بہتری کے لیے مؤثر نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 10

ارباب میر احمد دہوار بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سینٹر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، عملے کی حاضری کا رجسٹر چیک کیا اور وہاں دستیاب طبی سہولیات، انتظامی امور اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے واضح کیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا تاکہ ضلع قلات کے عوام کو ان کی دہلیز پر بہترین اور معیاری طبی سہولیات میسر آ سکیں۔

بقیہ 11

کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ، ایس ایس پی ٹریفک سبحان دشتی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں امداد اسپتال سے اکرم اسپتال تک کے علاقے کو فری ٹریفک زون بنانے، غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی بلاتعطل روانی یقینی بنانے کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مذکورہ علاقے میں کسی بھی قسم کی تجارتی سرگرمی کے لیے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے کوئی این او سی یا اجازت نامہ جاری نہیں کیا جائے گا، جبکہ تمام قانونی و غیر قانونی سائیکل اور موٹر سائیکل پارکنگ اسٹینڈز ختم کر کے علاقے کو ہر قسم کی پارکنگ اور تجاوزات سے پاک رکھا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے متعلقہ حکام کو فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوامی سہولت، ٹریفک کی روانی اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر بھرپور اقدامات کرے گی۔

بقیہ 12

لاشاری، محتسب دفتر کے دیگر افسران اور مختلف ڈسٹرکٹ افسران، سول سوسائٹی، کونسلرز، سیاسی و سماجی شخصیات، قبائلی عمائدین اور میڈیا کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں اور عوام کے درمیان عدم رابطے کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات اور عوامی مسائل کے حل میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا تھا۔ اس موقع پر شہریوں نے مختلف سرکاری محکموں سے متعلق اپنی شکایات اور مسائل پیش کیے، جنہیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر محتسب سیوی مہر اللہ سمرو نے غور سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مہر اللہ سمرو نے کہا کہ صوبائی محتسب اعلیٰ بلوچستان سعادت اللہ خان بازئی کی سخت ہدایات ہیں کہ ضلعی افسران عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر غریب عوام کے چھوٹے موٹے مسائل بھی ضلعی افسران حل نہیں کریں گے تو پھر عوام کہاں جائیں گے؟ لہٰذا صوبائی محتسب کے دائرہ اختیار میں آنے والے تمام اداروں کو عوامی شکایات کے ازالے پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر محتسب سیوی مہر اللہ سمرو کو تحریری درخواستیں بھی پیش کیں، جن میں سے بعض درخواستوں پر انہوں نے موقع پر ہی احکامات جاری کرتے ہوئے متعلقہ ضلعی افسران کو ہدایت کی کہ شکایات کا فوری ازالہ اور مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی محتسب کا ادارہ صوبے بھر میں عوام کو بلا معاوضہ اور فوری انصاف کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ تمام سرکاری اداروں اور ان کے افسران کو چاہیے کہ وہ عوام کے خادم بن کر ان کے مسائل حل کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی محتسب کی جانب سے کھلی کچہریوں کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف اور ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 13

خاکستر ہوگیا۔ ڈائریکٹر فائر سروسز عبدالحق خان اچکزئی نے بتایا کہ فائر بریگیڈ کی فوری کارروائی سے گھر کو مزید بڑے نقصان سے بچا لیا گیا۔

بقیہ 14

اور ایڈیشنل ایس ایچ او نذیر لانگو نے انتظامی ٹیم و مشینری کے ہمراہ بازار میں مختلف شاہراہوں پر ناجائز تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے کوئٹہ روڈ مسجد روڈ اور محراب روڈ سے فٹ پاتوں پر قائم ناجائز تجاوزات سڑک پہ کھڑے ریڑیوں کباڑی سامان کو ہٹاتے ہوئے مالکان کو آخری وارننگ جاری کردی آئندہ سڑک پر ریڑی کھڑا کرنے یا فٹ پاتوں پر اسٹالز قائم کرنے والوں کیخلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لانے اور مالک کو گرفتار و جرمانہ کیئے جانے کی بھی وارننگ دی گئی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ کے خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اسد اللہ سالانی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مستونگ آصف حسن سارنگزئی ایڈیشنل ایس ایچ او نذیر لانگو نائب تحصیلدار محمد انور بنگلزئی ڈیوٹی آفیسر امجد خان نے دیگر عملے کے ساتھ کاروائی عمل میں لاتے ہوئے مستونگ بازار کے کوئٹہ روڈ مسجد روڈ اسٹیڈیم روڈ اور محراب روڈ سے ناجائز تجاوزات کا مکمل خاتمہ کیا اس دوران انتظامی آفیسران نے فٹ پاتوں پر قائم اسٹال سبزی فروٹ ریڑیوں اور دکانوں کے سامنے قائم تجاوزات کو ہٹاتے ہوئے متعدد ریڑیوں کے ترازو کرسیاں و دیگر سامان ضبط جبکہ اکثر کو آخری وارننگ دیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر و دیگر آفیسران نے دکانداروں کو تنبیہ کی کہ ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم کی احکامات کی روشنی میں آئندہ کسی بھی قسم کے تجاوزات و بازار میں لوگوں کیلئے مشکلات پیدا کرنے والے ریڑی بان و دکانداروں کیخلاف بلاتفریق سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 15

سیکیورٹی فورسز اور انتظامیہ نے توبہ کاکڑی کے دور افتادہ سرحدی علاقے 'ڈزکس' میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے چرس کی تیار فصل کو موقع پر ہی نذر آتش کر کے مکمل طور پر تباہ کر دیا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ضلعی پولیس آفیسر (ڈی پی او) عبدالستار دشتی کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور معاشرے سے منشیات جیسے ناسور کا خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، انہوں نے واضح کیا کہ ممنوعہ اور منشیات کی فصلوں کی کاشت میں ملوث زمینداروں اور کاشتکاروں کے خلاف فوری اور سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی کیونکہ کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے۔ اس دوران بات چیت کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر توبہ کاکڑی معید جاموٹ نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ کا علاقے کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے تک یہ مہم بلا امتیاز اور سختی کے ساتھ جاری رہے گی اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

بقیہ 16

نومنتخب صوبائی کابینہ سے ملاقات کی اور انہیں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وفد میں جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن، جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی، صوبائی اطلاعات عبدالقاہر رودینی، بلوچستان یونیورسٹی کے کونسلر علی نواز پیرزادہ اور عاملہ کے اراکین رحمت اللہ سلیمان خیل، عطاء الرحمٰن، شکیل احمد بیٹنی، مطیع اللہ فرہاد، حافظ عرفان اللہ، حبیب الرحمٰن کاکڑ، سید شعیب آغا، عبدالواسع اور گوہر سنزری شامل تھے۔ وفد نے پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے نومنتخب صوبائی سیکرٹری سید مزمل شاہ وطنیار، سینئر معاون سیکرٹری نواز خپلواک، صوبائی اطلاعات سیکرٹری عظیم افغان، رابطہ سیکرٹری امین اچکزئی، ثقافت سیکرٹری ہارون خان موسیٰ خیل، واحد گل ترین، منور کاکڑ، احسان اچکزئی سمیت کابینہ کے دیگر نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور ان کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے وفد نے امید ظاہر کی کہ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی نومنتخب کابینہ طلباء کے مسائل کے حل، تعلیمی ماحول کی بہتری، تعلیمی اداروں میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ اور طلباء کی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی۔ وفد نے اراکین کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والی مفتی محمود کانفرنس میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ ملاقات میں طلباء کی فلاح و بہبود، تعلیمی ترقی اور مثبت باہمی روابط کے فروغ کے حوالے سے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا

بقیہ 17

داریاں انجام دی ہیں، جن میں فائبر، وائس، ٹی وی، اوٹی ٹی اور آئی او ٹی شامل ہیں۔ انہوں نے پی ٹی سی ایل کی فائبر حکمتِ عملی کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کیا، جس سے کمپنی کو پاکستان کے سرکردہ فائبر آپریٹر کی اپنی حیثیت مستحکم کرنے میں مدد ملی۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے آمدن میں اضافے، صارفین کے تجربے کو بہتر بنانے اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے اقدامات کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ پی ٹی سی ایل میں شمولیت سے قبل عماد خان نے آسٹریلوی کمپنی آپٹس (Optus) میں اعلیٰ عہدوں پر خدمات انجام دیں، جہاں انہوں نے فائبر اور فائیو جی فکسڈ وائرلیس ایکسس (5G Fixed Wireless Access) کی حکمتِ عملی کی تیاری میں حصہ لیا اور پروڈکٹ و ٹیکنالوجی ٹرانسفارمیشن سے متعلق اقدامات کی قیادت کی۔ ان کے پیشہ ورانہ سفر کے ابتدائی مراحل میں وارد ٹیلی کام، ہواوے، انٹرنیشنل ٹرن کی سسٹمز اور سعودی بزنس مشینز میں خدمات شامل ہیں، جہاں انہیں ٹیلی کمیونی کیشن آپریشنز، پروڈکٹ میں جدت اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر کاروباری تبدیلی کے وسیع تجربات حاصل ہوئے۔ چیف مارکیٹنگ آفیسر کی حیثیت سے عماد خان پی ٹی سی ایل کی مارکیٹنگ اور صارفین کی تعداد میں اضافے کی حکمتِ عملی کی قیادت کریں گے۔ ان کی ذمہ داریوں میں برانڈ حکمت عملی، مصنوعات کی مارکیٹ پوزیشننگ، صارفین کے تجربے میں بہتری، ڈیجیٹل رابطہ کاری اور مصنوعات و خدمات کو مارکیٹ میں متعارف کرانے کے اقدامات شامل ہوں گے۔ ان کی توجہ پی ٹی سی ایل کی مارکیٹ میں پوزیشن مزید مستحکم کرنے، صارفین کی ترجیح حاصل کرنے اور کنیکٹیویٹی و ڈیجیٹل سروسز کے پورٹ فولیو میں پائیدار ترقی کو فروغ دینے پر مرکوز ہوگی۔ عماد خان نے لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) سے ماسٹرز ان بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے) کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے، جہاں وہ ڈینز آنرز لسٹ میں بھی شامل رہے۔ قبل ازیں، انہوں نے فاسٹ نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (FAST-NUCES) سے کمپیوٹر سائنس میں بیچلر کی ڈگری حاصل کی تھی۔ ان کی تقرری ایسے وقت میں عمل میں آئی ہے جب پی ٹی سی ایل ایک مربوط ٹیکنالوجی اور انفارمیشن اینڈ کمیونی کیشن ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) کمپنی کے طور پر اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ کمپنی تیز رفتار کنیکٹیویٹی کی سہولیات کو وسعت دینے اور صارفین کی بدلتی ضروریات کے مطابق جدید ڈیجیٹل سروسز متعارف کرانے پر کام جاری رکھے ہوئے ہے

بقیہ 18

بلوچستان کے مزدوروں، بالخصوص سوئی سدرن گیس کمپنی (SSGC) کے ملازمین کو درپیش مسائل اور مشکلات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر چیئرمین اصغر علی بلوچ نے کہا کہ ان شاء اللہ مزدوروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے جلد از جلد ہر ممکن کوشش کی جائے گی تاکہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے ملازمین کے مسائل حل ہو سکیں اور انہیں درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔ آخر میں حیات اللہ خان کاکڑ نے مزدوروں کے مسائل کے حل کے لیے تعاون اور وقت دینے پر چیئرمین اصغر علی بلوچ کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 19

دوست افسر تھے، جنہوں نے اپنے دور میں ضلع ہرنائی کے عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے دن رات محنت کی۔ بی ایچ یوز کی ادویات کے کوٹے میں اضافہ، لیبر روم سروسز کا آغاز، لیبارٹری اور ٹیلی ہیلتھ سہولیات کا قیام ان کی بہترین کارکردگی اور عوام دوستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ترجمان نے کہا کہ تبادلہ ملازمت کا حصہ ہے، ہم سابق ڈسٹرکٹ منیجر عالمگیر خان اچکزئی کو ہرنائی سے الوداع کہتے ہیں اور ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ہم ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ دوسری جانب بیان میں نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ منیجر عبدالقاہر کو ضلع ہرنائی آمد پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا گیا۔ عبدالقاہر اس سے قبل بھی ضلع ہرنائی میں اپنی خدمات سرانجام دے چکے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ وہ اپنی تجربہ کاری اور بہترین صلاحیتوں سے ضلع کے عوام کو صحت کی مزید بہتر سہولیات فراہم کریں گے۔ الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل آرگنائزیشن ضلع ہرنائی نے ڈسٹرکٹ منیجر کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتی ہے۔

بقیہ 20

افراد کو محفوظ، آسان اور جدید مالی خدمات کی فراہمی کی کوششوں کا اعتراف ہے۔ موبی لنک بینک اور جاز کیش کے مشترکہ پلیٹ فارم کے ذریعے 2.3 ملین سے زائد مرچنٹس اور ایجنٹس کے ملک گیر نیٹ ورک کے ساتھ 67 ملین سے زائد رجسٹرڈ صارفین کو خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ گزشتہ سال موبی لنک بینک نے اپنے ڈیجیٹل اسلامک بینکنگ آپریشنز کا بھی آغاز کیا ہے۔ بینک دوست ایپ کے ذریعے ڈیجیٹل صارفین کی تعداد میں اضافہ، چھوٹے اور پسماندہ طبقات تک رسمی مالیاتی خدمات تک رسائی کو بڑھانے کیلئے کوشاں ہے۔ جینڈر ڈائیورسٹی ایوارڈ کام کی جامع جگہ کی تشکیل کیلئے موبی لنک بینک کی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔ موبی لنک بینک میں اس وقت 44 فیصد خواتین سینئر لیڈرشپ کے عہدوں پر کام کر رہی ہیں۔ موبی لنک بینک خواتین کو بااختیار بنانے اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے بھی کام کر رہا ہے۔ بینک 23 ملین سے زائد خواتین صارفین اور 5 ملین سے زائد خواتین قرض داروں کو خدمات فراہم کر رہا ہے جبکہ خواتین کو فراہم کردہ قرضوں کا حجم 163 بلین روپے سے تجاوز کر چکا ہے۔ مالی خدمات تک رسائی کے علاوہ بینک نے 31,000 خواتین کو مالی خواندگی میں تربیت فراہم کی ہے۔ WIN انکیوبیٹر خواتین کی سربراہی میں چلنے والے کاروباروں کو تربیت، رہنمائی اور ترقی کے مواقع فراہم کر رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت اب تک خواتین کے 28 اسٹارٹ اپس کی کامیاب تربیت مکمل ہو چکی ہے۔ کامیابی پر اظہار خیال کرتے ہوئے عامر ابراہیم، چیئرمین موبی لنک بینک اور سی ای او جاز ورلڈ، نے کہا، "مسلسل چوتھے سال بہترین ڈیجیٹل بینکنگ سروسز کا ایوارڈ ملنا اس بات کا ثبوت ہے کہ لاکھوں صارفین موبی لنک بینک پر اعتماد کرتے ہیں۔ بینک کی ٹیم ڈیجیٹل مالیاتی خدمات کو مسلسل بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ جینڈر ڈائیورسٹی ایوارڈ ہمارے اس عزم کا مظہر ہے کہ ہم ایسا ادارہ بنائیں جہاں ہر فرد کو آگے بڑھنے اور قیادت کرنے کے یکساں مواقع ملیں۔ یہ تمام اعزازات عوام کو مالیاتی سہولیات تک بہتر رسائی دینے اور پاکستانی شہریوں کے لیے معاشی ترقی کے مزید مواقع پیدا کرنے کے ہمارے عزم کو مزید مضبوط بناتے ہیں۔" حارث محمود چوہدری، صدر و سی ای او موبی لنک بینک نے کہا "سی ایف اے سوسائٹی پاکستان کی طرف سے مسلسل چوتھی بار ایوارڈ اس بات کا مظہر ہے کہ ہم درست سمت کی طرف گامزن ہیں۔ ہمارا ڈیجیٹل نظام، ہماری ٹیم اور مساوی مواقع فراہم کرنے کا عزم پاکستان میں ایک ایسے جامع مالی نظام کی تشکیل کے مقصد کا حصہ ہیں جو چھوٹے کاروباروں اور خواتین کی ضروریات بہتر انداز میں پوری کر سکے۔ یہ اعزاز ہمارے لیے حوصلہ افزا ہیں لیکن یہ اس بات کا بھی اشارہ ہے کہ اب ہمیں مزید بہتر کام کرنا ہوگا موبی لنک بینک کو حال ہی میں یو این ویمن 2026 ایشیا پیسفک ڈبلیو ای پیز ایوارڈز میں کمیونٹی انگیجمنٹ اینڈ پارٹنرشپس ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ہے جو جامع شراکت داریوں اور کمیونٹی کی سطح پر اقدامات کے ذریعے خواتین کی معاشی شمولیت کو فروغ دینے کی کوششوں کا اعتراف ہے

بقیہ 21

حب کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیرِ صدارت لیڈا کانفرنس ہال میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈی سی لسبیلہ حمیرا بلوچ ایس ایس پی لسبیلہ نجیب پندرانی ایس پی حب مرزا بلال حسن اے ایس پی عدنان بشیر ایس پی نیشنل ہائیوے موٹروے پولیس ضلع حب لسبیلہ کے ضلعی ناظم صحت اور ریسکیو 1122 کے مانیٹرنگ افیسر ہنیش کمار لیاری اور وندر کے ریسکیو انچارج وسیم اور فاروق بھی شریک ہوئے اجلاس میں اوتھل زیرو پوائنٹ حادثے کی وجوہات اور آئندہ اس طرح کے واقعات کی روک تھام کے حوالے سے میکانزم بنانے کا فیصلہ۔ کیا گیا ریسکیو 1122 اور نیشنل ہائیوے اور موٹروے پولیس حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ زیرو پوائنٹ حادثے کے فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں 39 ریسکیو مراکز ہیں جن میں پانچ ریسکیو مراکز ضلع لسبیلہ اور حب میں ہیں رواں ماہ اکتوبر تک 204 مسافروں کو ٹریفک حادثات میں ریسکیو فرسٹ ایڈ دیکر موقع پر انکی جانیں بچائی گئیں اجلاس کے شرکاء نے آر سی ڈی ہائیوے پر پی ٹی کنٹریکٹرز کی جانب سے مشینری ہائیوے پر غلط پارکنگ ڈرائیوروں کی اوورلوڈنگ حادثات کی بنیادی وجوہات قرار دی گیں اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ ایف ڈبلیو او موٹروے اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جوائنٹ میٹنگ جلد کال کی جائیگی اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے انٹری مقامات سے مسافروں کی اوورلوڈنگ کی روک تھام کی جائیگی اس سلسلے میں فوری طور پر ٹرانسپورٹر کے ساتھ میٹنگ منعقد کی جائیگی اور انہیں پابند بنایا جائیگا کہ وہ اپنی گاڑیوں سے ہیوی سرچ لائٹس فوری طور پر ہٹادیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ شہریوں کے لئے محفوظ سفر یقینی بنانے اور انکے جان کی سلامتی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ ذمہ داروں میں شامل ہے اگر کوئی ٹرانسپورٹر آر ٹی اے ایکٹ کی خلاف ورزی کریگی تو اسکے خلاف کارروائی ہوگی کمشنر لسبیلہ نے آر سی ڈی ہائیوے پر موٹر سائیکلوں کے ذریعے پیٹرول کی ترسیل پر فوری پابندی اور کریک ڈاؤن کے احکامات جاری کئے۔

بقیہ 22

ڈاکٹر شہباز خان مندوخیل کی والدہ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کریں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کریں

بقیہ 23

شکست دیکر ونر ٹرافی اور کیش پرائز اپنے نام کرلی فائنل میچ کے مہمان خصوصی سماجی شخصیت انجینیر آغا اللہ محمد۔ عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سردار رشید ناصر۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر ارباب کامران کاسی سپانسر ہاشم خان کاکڑ تھے جنھوں نے میچ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کی فائنل تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی انجینئر اللہ محمد اور دیگر نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں صرف سہولیات اور سرپرستی کا فقدان ہے انہوں نے کہا کہ صحت مند معاشرے کیلئے کھیلوں سے وابستگی سیر و تفریح انتہائی لازم ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کرکٹ فٹ بال کے ساتھ ساتھ انڈور گیمز کو بھی توجہ دیں اس وطن کے کھلاڑی زوہیب خان۔ بہادر بلوچ جیسے نوجوان بھی ملک کا نام روشن کر سکتا ہے ارگنائزر نصیب اللہ ترین محمود خان۔ اور عبدالقادر ازاد نے مہمان گرامی کا شکریہ ادا کیا فائنل میچ کو دیکھنے کیلئے شائقین کی بڑی تعداد کلب میں موجود تھے

بقیہ 24

حسن محمد حسنی، پریس سیکرٹری خلیل اللہ کھیازئی و دیگر نے کہا ہے کہ اے جی بلوچستان کی کارکردگی قابل تعریف ہے، جبکہ ادارے کے خلاف بے بنیاد اور من گھڑت خبریں پھیلا کر ملازمین کو گمراہ کرنے کی کوششیں کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اے جی بلوچستان کی کارکردگی پر انگلیاں اٹھانے والے پہلے حقائق سامنے لائیں، ادارے کے خلاف من گھڑت خبریں پھیلانا قابل مذمت عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے جی بلوچستان نے صوبے میں ملازمین کی ہمیشہ بے لوث خدمت کی ہے اور ملازمین کے شکایت پر فی الفور ایکشن لے کر فوری طور پر کام کر دیا۔ اے جی بلوچستان نے ہر جمعرات کو ایک شکایت سیل قائم کیا ہے جہاں جن ملازمین کا کام نہ ہوتا ہو یا کوئی شکایت ہو تو وہ اے جی بلوچستان کو براہ راست اپنے شکایت درج کراتے ہیں کیونکہ اے جی بلوچستان اس شکایتی سیل کا چیئرمین ہے اور تمام کیسز خود سنتا ہے اور اسی وقت ان مسائل کو حل کراتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے جی بلوچستان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا کرنے والے عناصر کو چاہیے کہ منفی مہم چلانے کے بجائے ٹھوس حقائق اور ثبوت سامنے لائیں۔ محض الزامات اور من گھڑت خبروں کی بنیاد پر کسی ادارے کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوششیں قابل مذمت ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے جی بلوچستان کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ ادارے کی کارکردگی کے حوالے سے حقائق کو نظر انداز کر کے منفی تاثر پیدا کرنا کسی بھی طور مناسب نہیں۔ اختلاف رائے ہر کسی کا حق ہے، لیکن اختلاف کی آڑ میں بے بنیاد الزامات لگانا اور غلط معلومات پھیلانا ذمہ دارانہ طرز عمل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد بلیک میلرز کو یہ ہضم نہیں ہوتا وہ پروپگنڈہ کے بجائے حقائق کو سامنے لائیں کیونکہ اے جی بلوچستان ایک نہایت ایماندار اور بہترین منتظم ہے جن لوگوں نے ان کے خلاف پروپگنڈہ شروع کیا ہے وہ ماسوائے جھوٹ کے کچھ نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز زونیٹ یونٹ اداروں کے خلاف بے بنیاد مہم چلانے کی بھرپور مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ غیر مصدقہ خبریں پھیلانے سے گریز کیا جائے اور ہر معاملے میں حقائق کو ترجیح دی جائے۔ اے جی بلوچستان نے سیپ سسٹم کو متعارف کرایا اور سروس بکس پر ٹھپوں کا سسٹم کو ڈیجیٹلائز کرایا یہ دو سسٹم متعارف ہونے سے بروکروں کا بھتہ خوری ختم ہوگیا۔

بقیہ 25

اویسس اکیڈمی کے تحت کتب میلہ جو دو روز جاری رہا اس میلے میں پنجگور سے ہزاروں طلبہ و طالبات نے حصہ لیا اور کتابوں کے اسٹالوں پر گہری دلچسپی لیا کتب میلے کے دوران 10 لاکھ روپے کی کتابیں فروخت کی گئیں کتب میلے میں کتابوں کی بڑی تعداد میں فروختگی سے کتاب بینی کی طرف نوجوان نسل کی دلچسپی عیاں ہے

بقیہ 26

سال لاہور میں منعقد کی جائے گی۔ یہ بات بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک کے چیئرمین اویس جدون نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ چیئرمین اویس جدون نے کہا کہ یہ ایوارڈ جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی خدمت کے لیے میاں محمد نواز شریف کی تاریخی اور ناقابل فراموش خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے دیا جا رہا ہے۔ تقریب کی تفصیلات: انہوں نے بتایا کہ تقریب میں ملک بھر سے 14 مختلف کیٹیگریز میں نمایاں شخصیات اور اداروں کو ان کی بہترین خدمات پر اس قومی و بین الاقوامی اعزاز سے نوازا جائے گا۔ ایوارڈز کے ساتھ قیمتی تحائف بھی دیے جائیں گے۔ کیٹیگریز میں شامل ہیں: جمہوریت کے فروغ، بھائی چارہ، عالمی امن، سفارتی تعلقات (Diplomatic Relations)، صحافت (Journalism)، تعلیم، صحت، انسانی حقوق، سماجی خدمات اور دیگر شعبہ جات میں نمایاں کارکردگی۔ سلیکشن کمیٹی اور تجویز کنندہ: ایوارڈ کے لیے سلیکشن کمیٹی کی چیئر پرسن محترمہ راحیلہ حمید درانی ہوں گی، جبکہ ممبران میں تمیم الرحمٰن ملاخیل، اویس جدون اور دیگر شامل ہیں۔ اس ایوارڈ کے لئے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مشاورتی کمیٹی، جس کے چیئرمین سردار ایاز صادق ہیں، اور دیگر میں سینیٹر سید آل خان ناصر، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، سردار محمد یوسف گجر، جمال شاہ کاکڑ، کیپٹن (ر) صفدر اور دیگر شامل ہیں۔ بین الاقوامی اعزاز: چیئرمین اویس جدون نے مزید کہا کہ اس سال خصوصی طور پر بین الاقوامی سطح پر ترکی، چین اور ایران سے ایک ایک شخصیت کو بھی اس ایوارڈ سے نوازا جائے گا تاکہ بین الاقوامی تعاون اور دوستی کو فروغ دیا جا سکے۔ تقریب کی حتمی تاریخ اور مقام کا اعلان جلد کیا جائے گا

بقیہ 27

ورکرز کے معاشی استحصال کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے آزادی صحافت اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کا مطالبہ کیا اس موقع پر پریس کلب کے عہدیداروں رفیق مندوخیل، عبدالصمد مندوخیل، اختر گل مندوخیل، رفیق قیصرانی بلوچ تاجر تنظیموں کے رہنماں باران خان کلیوال، عبدالغنی شیرانی سوشل ورکر عبدالرحمٰن شیرانی محمد دین خروٹی پی ٹی آئی کے رہنما ملک گل آدم شیرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیکا ایکٹ کا نفاذ، میڈیا ورکرز کی جبری برطرفی، تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور کوئٹہ میں بیورو آفسز کی بندش کسی صورت قبول نہیں۔ مقررین نے کہا کہ آزاد صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے، صحافیوں کو دباؤ اور خوف کے بغیر اپنے فرائض انجام دینے کا حق حاصل ہونا چاہیے۔ پیکا ایکٹ کے ذریعے آزادی اظہار پر قدغنیں لگانے کے بجائے صحافیوں کے تحفظ اور آزادی صحافت کو یقینی بنایا جائے انہوں نے مطالبہ کیا کہ پیکا ایکٹ پر صحافتی تنظیموں کے تحفظات دور کرتے ہوئے اس پر نظر ثانی کی جائے، جبری طور پر برطرف کیے گئے میڈیا ورکرز کو بحال کیا جائے، صحافیوں اور دیگر میڈیا ملازمین کی بقایا تنخواہیں فوری ادا کی جائیں اور کوئٹہ میں بند کیے گئے میڈیا بیورو آفسز بحال کیے جائیں۔ مقررین نے مزید کہا کہ صحافیوں کو بروقت تنخواہوں کی ادائیگی، ملازمت کا تحفظ اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا میڈیا مالکان اور متعلقہ حکام کی ذمہ داری ہے۔ صحافتی تنظیموں کے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔ اس دوران ژوب پریس کلب پر سیاہ پرچم لہرایا گیا

بقیہ 28

ڈرون سے تصاویر لیکر کرکے ٹی وی چینلز پر نشر کرنے کا کوئی آئینی اور اخلاقی جواز نہیں کسی کے گھر کی نجی تصاویر اس طرح نشر کرنا قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کی کردار کشی کی کوششیں کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی اور اپنے قائد کے خلاف کسی بھی گستاخانہ اقدام پر خاموش نہیں رہیں گے۔ رہنماں نے مزید کہا کہ مولانا فضل الرحمان کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے اور جمعیت علمائے اسلام کے کارکن اپنے قائدین کے ہر حکم پر لبیک کہیں گے کارکن اور عہدیدار اپنے قائدین کے حکم کا انتظار کر رہے ہیں انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ قائد جمعیت کے دفاع اور جماعت کے موقف کے لیے تمام کارکن متحد اور پرعزم ہیں

بقیہ 29

انعقاد سے متعلق یونین کے موقف کو تسلیم کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے کیسکو ملازمین کے جمہوری حق نمائندگی کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ کیسکو لیبر یونین بلوچستان گزشتہ 13 سال سے کیسکو ملازمین کے لیے علیحدہ ریفرنڈم کے انعقاد کی خاطر قانونی اور آئینی جدوجہد کر رہی تھی۔ اس طویل جدوجہد میں یونین کے صدر پیر محمد کاکڑ نے خود قیادت کرتے ہوئے عدالتی مقدمے کی پیروی کی اور مختلف قانونی پیچیدگیوں اور مشکلات کے باوجود اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے۔ بالآخر بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے نے یونین کے موقف کو تقویت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیر محمد کاکڑ نے مزدوروں کے حقوق اور کیسکو ملازمین کی آزادانہ نمائندگی کے لیے جس مستقل مزاجی، ثابت قدمی اور عزم کا مظاہرہ کیا، وہ قابل تحسین ہے۔ ہم انہیں 13 سالہ طویل قانونی جدوجہد میں کامیابی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ کیسکو کی سطح پر علیحدہ ریفرنڈم کا فیصلہ ملازمین کو اپنی پسند کی قیادت منتخب کرنے، جمہوری حق رائے دہی استعمال کرنے اور آزادانہ طور پر اپنی نمائندگی کا حق حاصل کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ یہ کامیابی کسی ایک فرد یا تنظیم تک محدود نہیں بلکہ کیسکو کے تمام ملازمین کے جمہوری حقوق کی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کے حقوق کا تحفظ، ملازمین کے لیے بہتر سروس اسٹرکچر، جائز مراعات، مسائل کا حل اور آزادانہ ٹریڈ یونین سرگرمیوں کا فروغ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کیسکو ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے قانونی، آئینی اور جمہوری جدوجہد آئندہ بھی بھرپور انداز میں جاری رکھی جائے گی۔

اس طویل جدوجہد میں یونین کے صدر پیر محمد کاکڑ نے خود قیادت کرتے ہوئے عدالتی مقدمے کی پیروی کی اور مختلف قانونی پیچیدگیوں اور مشکلات کے باوجود اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے۔ بالآخر بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے نے یونین کے موقف کو تقویت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیر محمد کاکڑ نے مزدوروں کے حقوق اور کیسکو ملازمین کی آزادانہ نمائندگی کے لیے جس مستقل مزاجی، ثابت قدمی اور عزم کا مظاہرہ کیا، وہ قابل تحسین ہے۔ ہم انہیں 13 سالہ طویل قانونی جدوجہد میں کامیابی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ کیسکو کی سطح پر علیحدہ ریفرنڈم کا فیصلہ ملازمین کو اپنی پسند کی قیادت منتخب کرنے، جمہوری حق رائے دہی استعمال کرنے اور آزادانہ طور پر اپنی نمائندگی کا حق حاصل کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ یہ کامیابی کسی ایک فرد یا تنظیم تک محدود نہیں بلکہ کیسکو کے تمام ملازمین کے جمہوری حقوق کی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کے حقوق کا تحفظ، ملازمین کے لیے بہتر سروس اسٹرکچر، جائز مراعات، مسائل کا حل اور آزادانہ ٹریڈ یونین سرگرمیوں کا فروغ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کیسکو ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے قانونی، آئینی اور جمہوری جدوجہد آئندہ بھی بھرپور انداز میں جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 30

دے کر والدین کے حوالے کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے کوئٹہ کے مختلف اہم مقامات، جن میں ایئرپورٹ روڈ، سیکرٹریٹ چوک، جی پی او چوک اور سرینا چوک شامل ہیں، پر چھاپے مارے اور پیشہ ورانہ طور پر بھیک مانگنے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی۔ اس دوران 11 خواتین اور ایک مرد کو پکڑا گیا، جبکہ 7 بچوں کو بھی تحویل میں لے کر ان کی مناسب رہنمائی اور وارننگ کے بعد چھوڑ دیا گیا۔ گرفتار افراد کو ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد متعلقہ تھانے منتقل کر دیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے مشن کے تحت کوئٹہ شہر کو پیشہ ور گداگری سے پاک کرنے کے لیے مؤثر اور مسلسل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیشہ ور گداگری ایک سماجی مسئلہ ہے جس کے خاتمے کے لیے انتظامیہ، متعلقہ اداروں اور معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر بچوں اور خواتین کو بھیک مانگنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، جو نہ صرف قابل تشویش امر ہے بلکہ بچوں کے مستقبل اور ان کی تعلیم و تربیت پر بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رکھے گا، جبکہ بچوں کو گداگری سے بچانے، ان کی تعلیم و تربیت اور بہتر مستقبل کے لیے خصوصی توجہ دی جائے گی۔ میر سیف اللہ خان کھیتران نے مزید کہا کہ شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ پیشہ ور گداگروں کی حوصلہ افزائی نہ کریں اور اگر کسی مقام پر بچوں یا خواتین کو منظم انداز میں بھیک مانگنے پر مجبور کیا جا رہا ہو تو متعلقہ اداروں کو اطلاع دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر کی ٹیمیں آئندہ بھی شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں جاری رکھیں گی تاکہ پیشہ ور گداگری کی حوصلہ شکنی اور معاشرتی مسائل کا مؤثر تدارک کیا جا سکے۔



گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور احمد بلوچ کے ہمراہ سیٹلمنٹ آفس میں پسنی کے 27 موضعات کے ارضی ریکارڈ کی تکمیل اور منتقلی سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں



گوادر، عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں مریضوں کے مختلف طبی ٹیسٹ اور تنظیمی معائنے کیے جا رہے ہیں



گوادر، ضلع کونسل کے چیئرمین شئے مختار بلوچ، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن وہاب مجید کے ہمراہ مختلف سرکاری اسکولوں کا دورہ کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء سابق ڈپٹی میئر یونس بلوچ اور چوہدری شبیر ملاقات کر رہے ہیں



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر ٹریفک ویک کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد یوسف ہاشمی اور دیگر افسران کیک کاٹ رہے ہیں



موبی لنک بینک کے سینئر نمائندگان کراچی میں سی ایف اے سوسائٹی پاکستان کے سالانہ ایکسی لینس ایوارڈز میں جینڈر ڈائیورسٹی ایوارڈ وصول کر رہے ہیں



پاکستان پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے ضلعی سیکرٹریٹ آفس کا افتتاح صوبائی رہنما میر احمد نواز خان کھوسہ، ضلعی صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ اور سید نیاز حسین شاہ نے ربن کاٹ کر کیا



گوادر، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے صحت عامہ وژن کے تحت میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کے شعبہ وندان سازی اور جنرل او پی ڈی میں مریضوں کو طبی معائنے اور علاج معالجے کی سہولیت فراہم کی جارہی ہیں



کوئٹہ، موسم سرما کی پہلی بارش کا ایک منظر



کانک مستونگ کے رہائشی سلیم جاوید پریس کانفرنس کر رہے ہیں

انصاف -------- آرکیٹیکٹ فاروق احمد

(architect.farooq@gmail.com)

ہمیشہ مصلحت ہو گی کہ کچھ انصاف بھی ہو گا
ہمیشہ گرد ہی ہو گی کہ مطلع صاف بھی ہو گا
یہاں پر کون مجرم کون ہے مظلوم بتلا دو
ہمیشہ دھند ہی ہو گی کہ کچھ شفاف بھی ہو گا

بقیہ 13

تحریکوں کو دبانے اور عوامی رائے کو اپنے مقاصد کے لئے متاثر کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے پریس قونصلر امانت علی نے جنرل اسمبلی کی چوتھی کمیٹی برائے خصوصی سیاسی اور نوآبادیاتی امور میں اطلاعات سے متعلق امور کے جائزے کے آغاز پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ کی بندش، سنسرشپ، ڈیجیٹل نگرانی اور ذرائع ابلاغ سے متعلق پابندیوں پر مبنی قوانین کے ذریعے جائز آوازوں کو دبایا، زمینی حقائق کو مسخ اور بنیادی حقوق و حق خودارادیت کی جدوجہد کو غیر معتبر بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔انہوں نے بڑھتے ہوئے عالمی تعصب اور تقسیم کے تناظر میں اسلاموفوبیا، نسل پرستی اور غیر ملکیوں سے نفرت کے رجحانات کی روک تھام کے لئے بین الاقوامی سطح پر موثر اقدامات اور تعاون کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 14

کے سوا کچھ نہیں دیا۔ جماعت کی قیادت کو اپنے دورِ حکومت کے اقدامات کا جواب دینا ہوگا۔بٹگرام میں یومِ نجات کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے امیر مقام کا پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور ارکان اسمبلی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ارکان اسمبلی حکومت کی بحالی کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اپنے 13 سالہ دورِ اقتدار میں عوام کو کرپشن اور لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں دیا، پی ٹی آئی کے تمام ارکان اسمبلی اور وزرا کو اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی قیادت کو اپنے دورِ حکومت میں کیے گئے اقدامات کا بھی جواب دینا ہوگا۔

بقیہ 15

صورتحال اور میزئی اڈہ کے مقام پر جاری دھرنے کے حوالے سے ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس جاری ہے۔اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، رکن صوبائی اسمبلی اسفندیار کاکڑ، کمشنر پشین ڈویژن قائم لاشاری، ڈی آئی جی پولیس، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خلیل احمد بگٹی سمیت دیگر اعلیٰ سول و پولیس حکام شریک ہیں۔اجلاس میں ضلع قلعہ عبداللہ کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل اور میزئی اڈہ کے مقام پر جاری دھرنے کے مطالبات کا تفصیلی جائزہ لیا جارہا ہے، جبکہ متعلقہ امور پر غور و خوض اور مسائل کے حل کے لیے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال جاری ہے۔

بقیہ 16

اجلاس میں عالمی بحری تجارت اور توانائی کی فراہمی کو لاحق خطرات کی مذمت کی گئی۔اجلاس میں بحری راستوں کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کرنے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔کابینہ نے خلیج تعاون کونسل اور جی 20 کے ساتھ علاقائی استحکام کے لیے جاری سفارتی کوششوں کا بھی جائزہ لیا اور واضح کیا کہ سعودی عرب کے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔دوسری جانب یمن کی مسلح افواج کے ترجمان ماجد عبداللہ النزیلی نے دعویٰ کیا ہے کہ سرکاری فورسز نے حوثی باغیوں کے اجتماعات اور گاڑیوں کو نشانہ بناتے ہوئے 1208 حملے کیے ہیں۔سوشل میڈیا پر جاری بیان میں ترجمان نے دعویٰ کیا کہ الجوف اور مارب کے محاذوں پر تقریباً 370 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک کیا گیا جبکہ تقریباً 120 گاڑیاں تباہ کی گئیں۔

بقیہ 17

منصوبہ نہیں، تاہم ضرورت پڑی تو امریکی فوج ہر قسم کی کارروائی کیلئے مکمل تیار ہے، تہران کے معاملے پر امریکا کی پوزیشن مضبوط ہے اور بظاہر واشنگٹن کو وہ سب کچھ مل رہا ہے جو وہ چاہتا ہے۔برطانوی جریدے کو انٹرویو میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران کے خلاف فوری حملے کا کوئی ارادہ نہیں اور ممکن ہے کہ حملے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے، امریکا کی فوج کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لئے مکمل تیار ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایران کے خلاف امریکی بحری ناکہ بندی نے تہران کی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے، جنگ سے پہلے کے مقابلے میں اب آبنائے ہرمز سے زیادہ تیل گزر رہا ہے۔

بقیہ 18

کی طبیعت ٹھیک نہیں اور بیرک میں چہل قدمی کے دوران چکر آنے سے گر پڑے۔بیرسٹر تیمور نے کہا کہ شاہ محمود قریشی کے گھٹنے اور بازو پر چوٹیں آئی ہیں، جیل حکام نے شاہ محمود قریشی کے بلڈ سیمپل لیکر ہسپتال بھجوائے ہیں۔بیرسٹر تیمور کا کہنا ہے کہ شاہ محمود قریشی کے سی ٹی سکین اور علاج معالجے کی درخواست دائر کر رہے ہیں۔

بقیہ 19

قابل عمل حکمت عملی کا جائزہ لینے سے متعلق اہم اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، محصولات کے حصول کی صورتحال اور انتظامی و ادارہ جاتی اصلاحات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نے ادارے کی مجموعی کارکردگی، سالانہ مالی اہداف کے حصول، محصولات میں اضافے کے امکانات اور مجوزہ اصلاحاتی اقدامات کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ڈیپوٹیشن پر تعینات افسران کی خدمات ان کے متعلقہ محکموں کو واپس کی جائیں گی، جبکہ ادارے کی پیشہ ورانہ استعداد اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مارکیٹ اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی تاکہ محصولات کے حصول کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق مؤثر حکمت عملی وضع کی جاسکے۔

بقیہ 20

رائیگاں کر دیگا۔ایرانی سپریم لیڈر کا کہنا تھا کہ دوبارہ امریکی جارحیت پر ایرانی جواب پہلے سے کہیں زیادہ شدید اور بڑے پیمانے پر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ امریکا اپنی بالادستی کے خاتمے کو ابھی بہت دور سمجھتا ہے، جبکہ ہم اسے بہت قریب دیکھتے ہیں، خلیج فارس، خصوصاً آبنائے ہرمز کی صورتحال نے امریکا کے ناقابل شکست ہونے کا تصور چکنا چور کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ خلیج فارس کی صورتحال نے بیرونی طاقتوں پر انحصار کرنے والی حکومتوں کی کمزوری اور بے بسی کو بے نقاب کر دیا ہے اور ساتھ ہی بڑی طاقتوں کی بیوفائی ان کی اپنے زیرسرپرستی ریاستوں کا دفاع کرنے میں ناکامی کو بھی آشکار کر دیا ہے۔

بقیہ 21

پاکستان پوسٹ آفس میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر نیب نے طلب کرلیا۔اس سلسلے میں نیب راولپنڈی نے اسعد محمود کو 10 نومبر 2026ء کو صبح 11 بجے تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش ہونے کا نوٹس جاری کردیا۔نیب نوٹس کے مطابق اسعد محمود کے دورِ وزارت 2022ء اور 2023ء میں پاکستان پوسٹ آفس میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں۔ دستاویزات کے مطابق اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے پاکستان پوسٹ آفس میں 3,938 اسامیوں پر بھرتیوں کی اجازت دی اور مبینہ طور پر 4,252 افراد بھرتی کیے گئے۔نیب نوٹس میں 2,646 ختم شدہ اسامیوں پر بھرتیوں کا بھی انکشاف ہوا ہے، جس میں کابینہ کمیٹی کی ہدایات کی خلاف ورزی کا الزام سامنے آیا ہے۔نیب کے مطابق کنٹریکٹ بنیادوں پر ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعے بھرتیوں کی سفارش کے باوجود بڑی تعداد میں مستقل تقرریاں کی گئیں، جس سے پاکستان پوسٹ آفس پر اضافی مالی بوجھ پڑنے اور بعض منتخب امیدواروں کے سیاسی وابستگی رکھنے کے الزامات بھی نیب تحقیقات کا حصہ ہیں۔اسی طرح جعلی اور بوگس دستاویزات، زائد العمر امیدواروں کی بھرتیوں اور ڈومیسائل کوٹے کی خلاف ورزیوں کے چارجز بھی سامنے آئے ہیں۔

بقیہ 22

سلسلہ، امریکیوں نے جنگ کو نہ کہہ دیا ہے اور ہم اس پیغام کی تائید کرتے ہیں۔باقر قالیباف نے کہا کہ اگر امریکی حکومت بین الاقوامی آقاؤں اور بلیک میلروں کے لیے اپنے عوام کی مرضی سے غداری کرے گی، تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ ہماری 'نا' اپنے ساتھ ایک خوفناک خواب لے کر آتی ہے۔

بقیہ 23

کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے ون کانسٹیٹیوشن ایونیو میں ہونے والے فراڈ کی تحقیقات کے لیے کمیٹی قائم کی تھی، جس کی رپورٹ آج کابینہ نے منظور کرلی ہے۔انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں منصوبے کا نام تبدیل کرنے کی سفارش بھی کی گئی ہے کیوں کہ ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کا نام بھی مبینہ طور پر جعل سازی کے ذریعے حاصل کیا گیا تھا۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ون کانسٹیٹیوشن ایونیو منصوبے میں تمام قواعد و ضوابط کو نظرانداز کیا گیا، بے ضابطگیوں کے معاملے میں سی ڈی اے نے بھی کوتاہی برتی۔احسن اقبال نے کہا کہ منصوبے سے متعلق تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، کانسٹیٹیوشن ایونیو پر پہلی عمارت وزارت خارجہ کی ہے، جبکہ ون کانسٹیٹیوشن منصوبے کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے گا۔

بقیہ 24

ملاقات کے وقت خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور وفاقی حکومت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ سمیت حالیہ سیاسی پیش رفت سے آگاہ کیے گئے۔ذرائع نے بتایا کہ ایک طویل وقفے کے بعد ہونے والی یہ ملاقات مبینہ طور پر پیشہ ورانہ اور قانونی امور تک محدود رکھی گئی جو کہ اس باہمی اتفاق کے عین مطابق تھی کہ اس ملاقات میں کوئی سیاسی گفتگو نہیں ہوگی۔ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ عمران خان جیل سے باہر کی پیش رفت، بشمول حالیہ آئینی و سیاسی تبدیلیوں سے پہلے ہی باخبر تھے، اگرچہ ملاقات کے دوران وکیل نے انہیں ان امور پر کوئی بریفنگ نہیں دی۔اس ملاقات میں عمران خان کی صحت کے بارے میں گفتگو کا موقع بھی ملا جسے ذرائع نے تسلی بخش قرار دیا تاہم، بشریٰ بی بی کو آنکھوں سے متعلق مسئلہ درپیش ہے جو پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین کے لیے تشویش کا باعث ہے۔

بقیہ 25

معاونت اور تجربات کے تبادلے پر اتفاق کیا گیا ہے۔اس حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات نے جاری منصوبوں اور پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان کے 9 شہروں میں سیف سٹی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ ڈی جی پنجاب سیف سٹی اتھارٹی احسن یونس نے بتایا کہ پنجاب سیف سٹی اتھارٹی بلوچستان کے عملے کی تربیت، استعداد کار میں اضافے اور جدید تکنیکی معاونت فراہم کرے گی تاکہ صوبے میں سیف سٹی منصوبوں کو مؤثر انداز میں فعال بنایا جا سکے۔

بقیہ 26

پاکستان تحریک انصاف سلمان اکرم راجہ، سابق وفاقی وزیر و سینیٹر نور الحق قادری، چیف وہپ قومی اسمبلی و رہنما پی ٹی آئی عامر ڈوگر، سینیٹر کامران مرتضیٰ، سابق وزیراعلیٰ سرحد اکرم خان درانی، رہنما جمعیت علمائے اسلام حافظ حمد اللہ، ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان حسین احمد یوسفزئی، ممبر کور کمیٹی پی ٹی آئی و لیگل کونسل عمران خان خالد یوسف چوہدری اور آغا ناصر شیرازی شریک ہیں۔ اجلاس میں اپوزیشن جماعتوں کے درمیان اتحاد و یکجہتی، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوری حقوق کے تحفظ اور موجودہ سیاسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی غور کیا جارہا ہے۔

بقیہ 27

خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد ایڈووکیٹ شریک ہوئے۔اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان، پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف اور رکن قومی اسمبلی سید نوید قمر بھی موجود تھے۔ زرداری ہاؤس میں ہونے والی اس ملاقات میں ملک کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 28

ان کے کردار کو تسلیم کیا۔تفصیلات کے مطابق رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ سفارتکاری کا تقاضا ہے ہمارے امریکا سے تعلقات اچھے رہنے چاہئیں، سیاسی و عسکری قیادت نے امریکا سے تعلقات کو اچھے طریقے سے سنبھا، ایران بھی پاکستان پر اعتماد کر رہا ہے، ہمیں سعودی عرب کا بھی اعتماد حاصل ہے، جنگ ختم کرنے کیلئے پاکستان نے جتنی کوششیں کیں کسی نے نہیں کیں، ٹرمپ سے تعلقات بنائے رکھے ہوتے تو ایران، سعودیہ سے کیسے تعلقات رکھے جا سکتے تھے؟ ہمارے امریکا، ایران اور سعودی عرب سے تعلقات شخصیت نہیں، ریاستی سطح کے ہیں۔

بقیہ 29

جمہوری اور متوازن سیاسی کردار ادا کر رہا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کی تقریباً 70 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جو ہماری سب سے بڑی افرادی قوت اور مستقبل کا قیمتی سرمایہ ہیں تاہم ان کے ذہنوں کو معیاری تعلیم کی روشنی سے روشن کرنا، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ فنی مہارتیں فراہم کرنا اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانا ایک بڑا چیلنج بھی ہے اور حکومت کی اولین ذمہ داری بھی۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان کے یوتھ پروگرام کے تحت پورے بلوچستان بالخصوص جنوبی اضلاع کے نوجوانوں کیلئے 10 ہزار افراد کو جدید تکنیکی و فنی تربیت فراہم کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔اس پروگرام کے تحت ایک وفاقی ادارہ نوجوانوں کو اسلام آباد اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹیکنیکل ٹریننگ فراہم کریگا۔گورنر مندوخیل نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے

بقیہ 30

سلسلہ جاری ہے، تاہم امیدواروں کی جانب سے عدم دلچسپی سامنے آ رہی ہے۔3 نومبر تک بلدیاتی انتخابات کے لیے 1665 کاغذات نامزدگی جاری کیے جا چکے ہیں۔کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی آخری تاریخ 6 نومبر مقرر کی گئی ہے۔انتخابی شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 سے 13 نومبر تک ہوگی، جبکہ مسترد ہونے والے کاغذات کے خلاف اپیلیں 14 سے 18 نومبر تک دائر کی جا سکیں گی۔ اپیلٹ اتھارٹی 19 سے 23 نومبر تک اپیلوں پر فیصلے کرے گی۔امیدوار 25 نومبر تک اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے سکیں گے، جبکہ انتخابی نشانات 26 نومبر کو الاٹ کیے جائیں گے۔اسلام آباد کو بلدیاتی انتخابات کے لیے 125 یونین کونسلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ان یونین کونسلوں کے کاغذات نامزدگی 16 ریٹرننگ افسران وصول کریں گے۔اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ 20 دسمبر کو ہوگی، جبکہ غیر حتمی نتائج 21 سے 24 دسمبر تک مرتب کیے جائیں گے۔واضح رہے کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2015ء کے قانون کے تحت کرائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 31

وفاقی حکومت کے مختلف محکموں میں 6 ہزار آسامیاں مشتہر کی جا چکی ہیں جبکہ مزید آسامیاں بھی مرحلہ وار مشتہر کی جا رہی ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ NAVTTC اور بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے اشتراک سے بلوچستان کے 10 ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی و تکنیکی تربیت فراہم کی جائے گی، جس کا مقصد انہیں ملکی اور بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر سے آراستہ کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ کو مزید بتایا گیا کہ رواں سال دسمبر تک 2 ہزار تربیت یافتہ نوجوانوں کا پہلا بیچ اپنی تربیت مکمل کر لے گا، جنہیں دیگر ممالک میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور بین الاقوامی لیبر مارکیٹ تک رسائی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 32

تیز کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ کمیٹی نے آسٹریا اور بلغاریہ میں پاکستانی سفارتی مشنز میں مالی بے ضابطگیوں کے معاملات پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے آئندہ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کو بھی طلب کرلیا، جبکہ سیکرٹری خارجہ کو آسٹریا میں خرد برد کے معاملے کی دوبارہ تحقیقات کر کے ایک ماہ میں رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ بدھ کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین سید نوید قمر کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں وزارت خزانہ کے مالی سال 2023-24 کے آڈٹ اعتراضات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران آڈٹ حکام نے انکشاف کیا کہ آسٹریا اور بلغاریہ میں پاکستانی سفارتخانوں کے اکاؤنٹنٹس کی جانب سے سرکاری رقوم میں بھاری مالی خرد برد کی گئی۔ آڈٹ حکام کے مطابق آسٹریا میں پاکستانی سفارت خانے کے اکاؤنٹنٹ سلمان قریشی نے 16 کروڑ 56 لاکھ روپے کی رقم خرد برد کر کے اپنے اور اپنی اہلیہ کے ذاتی بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی۔

بقیہ 33

ڈار کی زیرصدارت پاکستان کی آبی سلامتی سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔اجلاس میں قومی آبی سلامتی کے قانونی، سفارتی اور تکنیکی پہلوؤں پر غور کیا گیا۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے پاکستان کے خودمختار حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا اور قومی مفادات کے فروغ کے لیے بین الوزارتی قریبی رابطہ بہتر کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں آبی وسائل اور اطلاعات و نشریات کے وفاقی وزراء، متعلقہ وفاقی سیکریٹریز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 34

ترجمان نے واضح کیا کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا الیکشن سے متعلق فیصلے کو 3-4 کا قرار دینا درست نہیں، جبکہ جسٹس (ر) منصور علی شاہ کا متفقہ سپریم کورٹ کے اپنے ہی حتمی فیصلوں کے برعکس ہے۔الیکشن کمیشن کا کہنا تھا کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے مقررہ وقت تک انٹرا پارٹی انتخابات کا قانونی معیار پورا نہیں کیا، پارٹی کو 3 مواقع دیے گئے مگر وہ آئین کے مطابق انتخابات میں ناکام رہی، جس پر الیکشن ایکٹ کے تحت اسے نااہل قرار دے کر انتخابی نشان واپس لیا گیا جبکہ سپریم کورٹ نے نشان کا فیصلہ برقرار رکھا اور نظرثانی درخواست بھی مسترد کی۔ترجمان نے وضاحت کی کہ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی کیس کا حکم امتناع پارٹی نے خود ہائیکورٹ سے لیا تھا، تاہم پی ٹی آئی الیکشن کمیشن کے ریکارڈ میں آج بھی بطور رجسٹرڈ جماعت موجود ہے۔

بقیہ 35

آسامیوں، سرکاری گاڑیوں سمیت اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ عوامی خدمت تمام سرکاری محکموں کی بنیادی ذمہ داری ہے اور انتظامی کارکردگی کا اصل معیار عوام کو ملنے والی سہولت اور ان کے مسائل کا بروقت حل ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے عوام کی خدمات میں درپیش مشکلات کا احساس کرتے ہوئے ایسے انتظامی اقدامات کیے جائیں جن سے ان کا وقت اور وسائل بچ سکیں۔ عوامی شکایات کو محض دفتری کارروائی سمجھنے کے بجائے ان کے عملی ازالے کو ترجیح دی جائے اور ہر سطح پر ذمہ داری، شفافیت اور جواب دہی کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری محکموں میں ڈیجیٹائزیشن کو فروغ دیا جائے تاکہ فائلوں کی نقل و حرکت اور دفتری امور کی انجام دہی میں تیزی لائی جاسکے۔

بقیہ 36

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اس وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026 کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالمنان اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ایکسپو کے مختلف انتظامی و تشہیری امور، شرکاء کی شرکت، کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھانے اور دیگر متعلقہ معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ BITE 2026 محض ایک نمائش نہیں بلکہ بلوچستان کے کاروباری و صنعتی امکانات کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر متعارف کرانے کا ایک اہم ذریعہ ثابت ہوگی۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے سرمایہ کاروں، صنعتکاروں، تاجروں، کاروباری شخصیات، متعلقہ سرکاری اداروں اور مختلف تجارتی تنظیموں کو ایک جگہ جمع ہونے کا موقع ملے گا۔

بقیہ 37

ڈیموکریٹ امیدوار مریم خان نے ریاستی سینیٹ کے ڈسٹرکٹ 2 میں کامیابی حاصل کر کے سینیٹ کی نشست اپنے نام کر لی، جبکہ پاکستانی نژاد امریکی سعود انور کنیکٹیکٹ کے ریاستی سینیٹ ڈسٹرکٹ 3 سے دوبارہ منتخب ہو گئے۔ٹیکساس میں پاکستانی نژاد امریکی سلمان بھوجانی ریاستی اسمبلی کے رکن دوبارہ منتخب ہو گئے، انہوں نے ڈسٹرکٹ 92 میں 67 فیصد ووٹ حاصل کیے۔اسی طرح سلیمان لالانی بھی ٹیکساس کے ریاستی اسمبلی کے حلقہ ڈسٹرکٹ 76 سے دوبارہ کامیاب ہو گئے، انہوں نے 67 فیصد ووٹ حاصل کیے۔جارجیا میں پاکستانی نژاد امریکی امیدوار فاروق مغل نے ریاستی اسمبلی کی نشست جیت لی، انہوں نے ڈسٹرکٹ 105 میں 60.8 فیصد ووٹ حاصل کیے۔دوسری جانب فلوریڈا میں ری پبلکن جماعت کے پاکستانی نژاد امریکی امیدوار امتیاز محمد ریاستی اسمبلی کا انتخاب ہار گئے۔

بقیہ 38

درخواستوں کی آن لائن وصولی کیلئے وزارت مذہبی امور کی جانب سے حج ڈیجیٹل پورٹل پر نیا فیچر متعارف کروایا گیا ہے جس کے تحت کامیاب حج درخواست گزار کسی ناگہانی صورتحال میں اپنی جگہ قریبی رشتہ دار کو اپنا متبادل نامزد کر سکتا ہے۔فوت ہونے والے حج درخواست گزار کا قریبی رشتہ دار بطور متبادل آن لائن درخواست جمع کروا سکتا ہے، تاہم متبادل درخواست گزار کا حج پورٹل پر رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔تبادلے کی وجہ (مثلاً میڈیکل، ڈیتھ سرٹیفکیٹ وغیرہ) ایپ پر اپلوڈ کرنا لازم ہوگا، پہلے سے جمع شدہ حج واجبات متبادل کیلئے استعمال ہوں گے۔

بقیہ 39

یہ نتائج صرف اس لیے ممکن ہو سکے کیونکہ ملک کے ہر خطے میں بہترین امیدوار آگے آئے۔انہوں نے کہا کہ یہ امیدوار مشترکہ اقدار، عوامی خدمت پر یقین، اپنے اضلاع اور ریاستوں کے عوام کو اول ترجیح دینے کے عزم پر متحد تھے۔ بارک اوباما کا کہنا تھا کہ موجودہ انتظامیہ کے پاس عہدے پر برقرار رہنے کے لیے اب بھی مزید 2 سال باقی ہیں، اب ہمارا کام ہے کہ آستینیں چڑھائیں اور جہاں بھی ہمارے پاس اختیار ہے، وہاں تبدیلی لائیں۔سابق امریکی صدر نے کہا کہ مزید نقصان کو روکیں اور مستقبل کے لیے بنیادیں استوار کریں۔

بقیہ 40

کمپنیوں میں سرمایہ کاری کرے گا۔وزارتِ خزانہ کے حکام نے کہا کہ ہمارے خیال غیر ملکی کمپنیوں میں سرمایہ کاری کرنے کی صلاحیت موجود نہیں ہے۔ ترمیم کے تحت کمپنیوں کے ڈیویڈنڈ حکومت کے پاس آئیں گے۔ ساورن ویلتھ فنڈ میں پروفیشنلز کے اختیارات کو بڑھایا گیا ہے۔ساورن ویلتھ فنڈ میں بیوروکریسی کے اختیارات کو کم کیا جا رہا ہے۔سلیم مانڈوی والا نے سوال کیا کہ کیا یہ ترامیم آئی ایم ایف کے کہنے پر کی جارہی ہیں۔وزارت خزانہ کے حکام نے بتایا کہ موجودہ قانون کے مطابق ساورن ویلتھ فنڈ کا دائرہ کار بہت وسیع تھا۔ساورن ویلتھ فنڈ کا دائرہ کار محدود کیا جا رہا ہے۔ساورن ویلتھ فنڈ وزیر اعظم کی سربراہی میں قائم کیا گیا ہے۔وزارت خزانہ کے حکام نے کہا کہ اس فنڈ کے ذریعے مختلف اداروں پر کنٹرول کیا جائے گا۔ فنڈ کا بورڈ مختلف کمپنیوں کو کنٹرول کرے گا۔سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ حکومت تین سال پہلے بنائے قانون کے بالکل برعکس ترامیم کر رہی ہے۔

بقیہ 41

میں ریکارڈ 25 ہزار 747 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے، جو گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلے میں 66 فیصد زیادہ ہیں۔اس اضافے کے نتیجے میں اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 6 لاکھ 81 ہزار 965 تک پہنچ گئی ہے، جبکہ سالانہ بنیادوں پر سرمایہ کاروں کی تعداد میں 56 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔خرم شہزاد نے بتایا کہ سال 2026 کے پہلے دس ماہ، یعنی جنوری سے اکتوبر کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مجموعی طور پر 2 لاکھ 18 ہزار 894 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے، جو گزشتہ چار مکمل سالوں 2022 سے 2025 کے دوران ہونے والے مجموعی اضافے سے بھی زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کی تعداد میں یہ غیر معمولی اضافہ ملکی مالیاتی مارکیٹ میں بڑھتی ہوئی دلچسپی اور سرمایہ کاری کے نئے رجحانات کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 42

روایتی بلوچی اور پشتون ملبوسات شہریوں کی خصوصی توجہ کا مرکز بنے رہے، جبکہ خوبصورت بلوچی ہینڈی کرافٹس، دستکاری کی اشیا، نفیس ہینڈ بیگز، پرس اور دیگر دیدہ زیب مصنوعات بھی شرکاء کی دلچسپی کا باعث بنیں۔بلوچستان کے مختلف علاقوں سے آنے والی کاروباری خواتین نے اپنے ہنر، تخلیقی صلاحیتوں اور محنت سے تیار کردہ مصنوعات کو متعارف کرایا۔ نمائش کے ذریعے خواتین کو اپنی مصنوعات کی تشہیر، ممکنہ خریداروں تک رسائی اور کاروباری روابط قائم کرنے کا موقع ملا۔نمائش میں شریک شہریوں نے خواتین کی تیار کردہ مصنوعات میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور اس اقدام کو بلوچستان میں خواتین کے کاروبار کے فروغ اور معاشی خودمختاری کی جانب ایک خوش آئند پیش رفت قرار دیا۔شرکاء کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی خواتین میں بے پناہ صلاحیتیں اور ہنر موجود ہیں

بقیہ 43

پیسے لے کر دی جائیں گی تو نوجوانوں میں ریاست کے خلاف بغاوت کا رجحان پیدا ہوگا۔ایک انٹرویو کے تیسرے حصے میں اپنے اوپر عائد الزامات کا جواب دیتے ہوئے عبدالخالق ہزارہ نے کہا کہ ان کی جماعت نے اپنے دور حکومت میں میرٹ اور شفافیت کو ترجیح دی اور کسی قسم کی کرپشن نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ اسی سوچ کے تحت کھیلوں کے میدان آباد کیے گئے اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کے دور میں کورونا وبا کے دوران بھی کھیلوں کی سرگرمیاں جاری رکھنے کے لیے اقدامات کیے گئے

بقیہ 44

میں تقریباً 200 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کی تھی تاہم ڈیموکریٹک امیدوار جیمز ٹیلاریکو نے انہیں شکست دے دی، اسے ایلون مسک کی وسط مدتی انتخابی مہم کی سب سے بڑی انفرادی سرمایہ کاری قرار دیا گیا تھا۔

بقیہ 45

سے متعلق یونین کے مقف کو تسلیم کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے کیسکو ملازمین کے جمہوری حق نمائندگی کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ کیسکو لیبر یونین بلوچستان گزشتہ 13 سال سے کیسکو ملازمین کے لیے علیحدہ ریفرنڈم کے انعقاد کی خاطر قانونی اور آئینی جدوجہد کر رہی تھی۔ اس طویل جدوجہد میں یونین کے صدر پیر محمد کاکڑ نے خود قیادت کرتے ہوئے عدالتی مقدمے کی پیروی کی اور مختلف قانونی پیچیدگیوں اور مشکلات کے باوجود اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے۔بالآخر بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے نے یونین کے مقف کو تقویت دی ہے۔انہوں نے کہا کہ پیر محمد کاکڑ نے مزدوروں کے حقوق اور کیسکو ملازمین کی آزادانہ نمائندگی کے لیے جس مستقل مزاجی، ثابت قدمی اور عزم کا مظاہرہ کیا، وہ قابل تحسین ہے۔

بقیہ 46

کی مزید تعیناتی کی جارہی ہے۔امریکی فضائیہ کے کم از کم چھ سی 17 گلوب ماسٹر تھری مال بردار طیاروں نے فضائی دفاعی ساز وسامان لے کر ٹیکساس کے فورٹ بلس میں واقع بگس آرمی ایئر فیلڈ سے جنوبی اسرائیل کے اوودا ایئربیس کے لیے پروازوں کا دوسرا سلسلہ شروع کیا۔اوپن سورس مشاہدات کے مطابق ان تازہ پروازوں کا سراغ گزشتہ روز ملا، جبکہ گزشتہ ہفتے بھی آٹھ سی 17 طیارے اوودا ایئربیس پہنچے تھے۔اوپن سورس انٹیلی جنس کے مطابق پروازوں کے دوسرے گروپ کی آمد مکمل ہونے کے بعد بگس ایئر فیلڈ سے اوودا ایئر بیس تک آنے والی سی 17 پروازوں کی مجموعی تعداد 16 تک پہنچنے کی توقع ہے۔فضائی نقل وحمل کے اس بڑے پیمانے سے امکان ظاہر ہوتا ہے کہ امریکا صرف محدود پیمانے پر فضائی دفاعی ساز و سامان بھیجنے کے بجائے پیٹریاٹ نظام کی مکمل بیٹری تعینات کر سکتا ہے۔

بقیہ 47

عہدیداروں و کارکنوں نے جلسے کی کامیابی کے لیے دن رات ایک کرنا ہوگا اور محنت ہی کے بدولت کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جلسے کی تیاری کے سلسلے میں سٹی تحصیل کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس کی صدارت تحصیل سینئر معاون سیکرٹری شکور افغان نے کی۔ اجلاس میں 2 دسمبر جلسہ کی تیاری کے سلسلے میں مختلف فیصلے کیے گئے۔ تمام علاقائی یونٹس وابتدائی یونٹس کے اجلاسوں کے انعقاد، وال چاکنگ، پارٹی جھنڈے لگانے، گھر گھر عوامی رابطہ مہم اور جلسہ عام کی دعوت دینے کے لیے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی۔اجلاس میں ضلعی ایگزیکٹوز، ضلع کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی۔

نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ سے نیوٹیک کے چیئرمین انجینئر قمر الاسلام کی ملاقات، فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے لیے جاری یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام پر تفصیلی بریفنگ دی

پروگراموں کی پیش رفت، شفافیت سمیت نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کے مواقع سے منسلک کرنے کے لیے بھی مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) کے چیئرمین انجینئر قمر الاسلام راجہ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر نادیہ کریم نے ملاقات کی، جس میں جنوبی بلوچستان کے فوکسڈ اضلاع سمیت صوبے بھر کے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے لیے جاری یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان کو بتایا گیا کہ پروگرام کے تحت صوبے کے 25 ہزار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں،

بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر

بیرون ممالک پاکستانی سفارتخانوں میں کروڑوں روپے کی خرد برد

پی اے سی کا اظہارِ برہمی، ڈی جی ایف آئی اے طلب، تحقیقاتی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن): پارلیمان کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے بیرون ممالک پاکستانی سفارتخانوں میں کروڑوں روپے کی مالی خرد برد اور کمیونٹی ویلفیئر فنڈ کے استعمال میں بے ضابطگیوں پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف تحقیقات

بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

سابق جج جسٹس (ر) منصور علی شاہ کے انٹرویو پر الیکشن کمیشن کا سخت ردعمل

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے سابق جج جسٹس (ر) منصور علی شاہ کے حالیہ انٹرویو پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ان کا موقف سپریم کورٹ کے حتمی فیصلوں کے برعکس ہے۔ رپورٹ کے مطابق ترجمان الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سپریم کورٹ کے سابق جج جسٹس (ر) منصور علی شاہ کے حالیہ انٹرویو کو آئینی و قانونی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عدالتی ریکارڈ کو منتخب حوالوں اور ادھورے تناظر میں پیش کرنا انتہائی غیر مناسب ہے۔ الیکشن کمیشن کے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیرصدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس

پاکستان کے آبی سلامتی اور خودمختار حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پاکستان کے آبی سلامتی اور خودمختار حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا۔ بدھ کو ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے Navttc کے چیئرمین راجا قمر السلام اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر نادیہ کریم ملاقات کررہی ہیں

سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں، استعمال عوامی ضرورت کے مطابق ہونا چاہیے، چیف سیکرٹری

مالی و انتظامی نظم وضبط کو برقرار رکھتے ہوئے دستیاب وسائل سے خدمات کی فراہمی بہتر بنانے پر توجہ دی جائے، شکیل قادر خان

سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس، مختلف محکموں کے ڈیٹا بیس کے باہمی انضمام، محکمہ داخلہ کی ڈیجیٹلائزیشن، سمیت اہم امور کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی اجلاس میں صوبائی محکموں کے انتظامی امور اور کارکردگی سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے ڈیٹا بیس کے باہمی انضمام، محکمہ داخلہ کی ڈیجیٹلائزیشن، خالی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

18 نومبر سے ہونے والی BITE کانفرنس نئی سمت معین کرے گی، بلال خان کاکڑ

وزیراعلیٰ صوبے کو ملکی و بین الاقوامی سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کے لیے پرعزم ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن): بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ 18 اور 19 نومبر کو منعقد ہونے والی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو (BITE2026) صوبے میں تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری کے نئے مواقع کی نشاندہی اور معاشی ترقی کی نئی سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کو ملکی و بین الاقوامی سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کے لیے پرعزم ہیں، جبکہ

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

وزارت مذہبی امور نے حج ڈیجیٹل پورٹل اور پاک حج ایپ پر نیا فیچر متعارف کرادیا

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت مذہبی امور نے حج ڈیجیٹل پورٹل اور پاک حج ایپ پر متبادل امیدوار نامزد کرنے کے لئے نیا فیچر متعارف کرا دیا۔ نئے فیچر کے تحت کسی ناگہانی صورتحال میں کامیاب حج درخواست گزار اپنی جگہ قریبی رشتہ دار کو متبادل نامزد کر سکے گا۔ پاک حج ایپ کے ذریعے متبادل کی

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

امریکی مڈٹرم انتخابات، متعدد پاکستانی نژاد امیدوار کامیاب

پنسلوانیا کی ریاستی اسمبلی کی نشست پر پاکستانی نژاد امریکی مریم صبیح رکن منتخب ہوگئیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی مختلف ریاستوں میں ہونے والے انتخابات میں متعدد پاکستانی نژاد امریکی امیدوار کامیاب ہو گئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق پاکستانی نژاد امریکی امیدواروں کی اکثریت نے انتخابی میدان میں کامیابی حاصل کی۔ پنسلوانیا کی ریاستی اسمبلی کی نشست پر پاکستانی نژاد امریکی مریم صبیح رکن منتخب ہوگئیں۔ کنیکٹیکٹ میں

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس، پاکستان ساورن ویلتھ فنڈ ترمیمی بل 2026 پر غور

اسلام آباد (آئی این پی) سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت قائمہ کمیٹی خزانہ کے اجلاس میں پاکستان ساورن ویلتھ فنڈ ترمیمی بل 2026 پر غور کیا گیا۔ وزارت خزانہ کی طرف سے اجلاس میں بتایا گیا کہ پاکستان ساورن ویلتھ فنڈ 2023 کا قانون تین سال پہلے منظور ہو چکا ہے۔ حکومت اب اس میں ترامیم کر رہی ہے۔ نئی ترمیم کے تحت ساورن ویلتھ فنڈ غیر ملکی کمپنیوں میں سرمایہ کاری نہیں کرے گا۔ ترامیم کے تحت ساورن ویلتھ فنڈ صرف مقامی

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

امریکی عوام ایسے رہنما چاہتے ہیں جو ان کو درپیش چیلنجوں کے ٹھوس حل پیش کریں، اوباما

اب ہمارا کام ہے کہ آستینیں چڑھائیں اور جہاں بھی ہمارے پاس اختیار ہے، وہاں تبدیلی لائیں، بیان

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر بارک اوباما نے کہا ہے کہ امریکی عوام نے واضح پیغام بھیجا ہے، وہ ایسی سیاست چاہتے ہیں جو لوگوں کو تقسیم کرنے کے بجائے متحد کرے۔ وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹس کی ممکنہ کامیابی پر ایک بیان میں بارک اوباما نے کہا کہ امریکی عوام ایسے رہنما چاہتے ہیں جو ان کو درپیش چیلنجوں کے ٹھوس حل پیش کریں،

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر



پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کامریڈ حاکم سولنگی کے انتقال پر انکے اہلخانہ سے تعزیت کررہے ہیں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کی مالیاتی اور سرمایہ مارکیٹ میں عوامی شرکت کے حوالے سے ایک نیا ریکارڈ قائم ہوگیا ہے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد تاریخ کی بلند ترین سطح 6 لاکھ 81 ہزار 965 تک پہنچ گئی ہے۔ نوجوان نسل کی بڑھتی ہوئی دلچسپی اور نئے سرمایہ کاروں کی ریکارڈ شمولیت نے ملکی کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے رجحان کو نئی رفتار دے دی ہے۔ وفاقی مشیر برائے اقتصادی و مالیاتی اصلاحات خرم شہزاد کے مطابق اکتوبر 2026 کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

بلوچستان کی کاروباری خواتین کے لیے بڑی پیش رفت

کوئٹہ میں پہلی خصوصی نمائش کا انعقاد، 100 سے زائد اسٹالز عوام کی توجہ کا مرکز بن گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، ان کی کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور مقامی دستکاری و ثقافت کو فروغ دینے کے لیے کوئٹہ میں پہلی خصوصی کاروباری نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبے بھر سے تعلق رکھنے والی کاروباری خواتین نے بھرپور شرکت کی۔ دوروزہ نمائش میں 100 سے زائد اسٹالز سجائے گئے، جہاں خواتین نے اپنی تیار کردہ روایتی اور جدید مصنوعات نمائش اور فروخت کے لیے پیش کیں۔ نمائش میں

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

امریکی وسط مدتی انتخابات، بھاری سرمایہ کاری ناکام، ایلون مسک کو 445 ملین ڈالرز کا نقصان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹک امیدواروں کی کامیابی کے بعد ارب پتی کاروباری شخصیت ایلون مسک کو 445 ملین ڈالرز سے زائد کے مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ گیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق ریپبلکن پارٹی کو انتخابی مہم کے لیے 40 بڑے عطیہ دہندگان سے مجموعی طور پر 2.4 ارب ڈالرز موصول ہوئے جن میں تقریباً 445 ملین ڈالرز ایلون مسک کی جانب سے دیے گئے تھے۔ ایلون مسک نے ٹیکساس میں ریپبلکن اٹارنی جنرل کین پیکسٹن کی انتخابی مہم

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

بلوچستان کے 33 اضلاع میں بلارنگ ونسل میرٹ پر نوکریاں دیں، عبدالخالق ہزارہ

ہزارہ نوجوانوں کو نوازنے کا الزام بے بنیاد ہے میرٹ پر روزگار نہ دیا تو ریاست کے خلاف بغاوت بڑھے گی

کوئٹہ (یو این اے) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ نے اپنے دور حکومت میں صرف ہزارہ نوجوانوں کو ملازمتیں دینے کے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام 33 اضلاع میں بلارنگ ونسل میرٹ کی بنیاد پر روزگار فراہم کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو میرٹ اور انصاف کے تحت ملازمتیں دی جائیں تو وہ ریاست، حکومت اور ملک کے ساتھ محبت اور وابستگی محسوس کریں گے، لیکن اگر نوکریاں

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

خان شہید کی برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائیگی، کبیر افغان

کوئٹہ (آئی این پی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز صورت خان کاکڑ، الحاج سید فیض اللہ آغا نے اور ضلع کوئٹہ کے آفس سیکرٹری نصیب اللہ نیازی کہا ہے کہ 2 دسمبر کا جلسہ کامیاب ترین جلسہ ہوگا، اس کے لیے کارکنوں نے شب وروز محنت کرنی ہوگی، خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53ویں برسی کی مناسبت سے جلسہ عام انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا، پارٹی ضلع کوئٹہ کے تمام تحصیلوں، علاقائی وابتدائی یونٹ کے

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

بلوچستان ہائیکورٹ کا فیصلہ کیسکو لیبر یونین کی تاریخی کامیابی

پیر محمد کاکڑ کی 13 سالہ قانونی جدوجہد رنگ لے آئی، عدالت کا ریفرنڈم کے حق میں تاریخی فیصلہ

کوئٹہ (یو این اے) کیسکو لیبر یونین بلوچستان کے سرپرستِ اعلیٰ آغا سلطان شاہ، چیف آرگنائزر اسلام خان، جنرل سیکرٹری ملک سعید لہڑی، حاجی عبدالمجید، آصف شاہوانی، عزیز احمد سارنگزئی، مشتاق امین، حاجی عبدالسلام، یاسر شاہ، منیر احمد، آغا نادر شاہ اور دیگر رہنماؤں نے بلوچستان ہائی کورٹ کی جانب سے کیسکو کی سطح پر علیحدہ ریفرنڈم کے انعقاد

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

آبنائے ہرمز کے قریب بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر چار آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی

تہران (آئی این پی) ایران کی پاسداران انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے قریب ممنوع قرار دیئے گئے سمندری راستے سے گزرنے کی کوشش کے دوران چار آئل ٹینکرز بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر تباہ ہوگئے اور ان میں آگ بھڑک اٹھی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب نے اپنے بیان میں کہا کہ چاروں

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

اسرائیل میں پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام کی اضافی تعیناتی کا امکان

متعدد سی 17 مال بردار طیاروں کی امریکی فضائی دفاعی نظام کی مزید تعیناتی کی جارہی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا ممکنہ طور پر اسرائیل میں پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام کی ایک اضافی بیٹری تعینات کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اوپن سورس فلائٹ ٹریکنگ مشاہدات میں یہ امکان ظاہر کیا گیا کہ امریکی ریاست ٹیکساس سے اسرائیل کے لیے متعدد سی 17 مال بردار طیاروں کی پروازوں میں اضافے کے بعد خطے میں امریکی فضائی دفاعی نظام

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

یمن کی گورنری لحج میں طبی مرکز پر حوثی حملے کے بعد اقوامِ متحدہ کا اظہار تشویش

ادارے کے بیان میں نہ تو حملے کی مذمت کی گئی اور نہ ہی اس کی ذمہ دار فریق کی نشاندہی کی گئی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ یونیسف نے جنوبی یمن کی گورنری لحج میں واقع السقیا صحت مرکز پر ہونے والے حملے پر محض تشویش کا اظہار کرنے پر اکتفا کیا، جس کے نتیجے میں طبی عملے کے ارکان سمیت پانچ افراد جان بحق ہو گئے تھے، جبکہ ادارے کے بیان میں نہ تو حملے کی مذمت کی گئی اور نہ ہی اس کی ذمہ دار فریق کی نشاندہی کی

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

منی پور میں خونریزی جاری، بی جے پی حکومت کے خلاف بھارتی عوام سراپا احتجاج

مئی 2023 سے عسکریت پسندی کے 181 واقعات میں 393 افراد ہلاک ہوچکے، رپورٹ

امپھال (این این آئی) منی پور میں نسلی فسادات اور خونریزی کا سلسلہ جاری ہے، جہاں تازہ جھڑپوں میں مزید 5 افراد ہلاک ہوگئے، جبکہ بی جے پی حکومت کے خلاف بھارتی عوام سراپا احتجاج ہیں۔ مودی حکومت کی سنگین غفلت اور ناکام

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

اقوام متحدہ میں پاکستان کی پیش کردہ 3 قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور

تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی کے امور سے متعلق جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے قراردادوں کی منظوری دی

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کی 81 ویں جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ تین قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی پشین کی نئی سب تحصیل علی زئی کا نوٹیفکیشن ایم پی اے ظفر علی آغا کے حوالے کررہے ہیں

بلوچستان سول سروسز اکیڈمی میں تین روزہ تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر

سرکاری افسران کی جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیت بہتر طرزِ حکمرانی کے لیے نہایت اہم ہے، مقررین

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سول سروسز اکیڈمی (BCSA) کوئٹہ میں حکومتِ بلوچستان کے افسران کے لیے "عوامی خدمات کی فراہمی کے لیے ڈیجیٹل گورننس" کے موضوع پر منعقدہ تین روزہ تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر ہوگئی۔ اس تربیتی پروگرام کا

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

وزیراعظم یوتھ پروگرام اور ICE کے درمیان تعلیمی تعاون کا معاہدہ

نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع، میرٹ پر سکالرشپ دیں گے، رانا مشہود

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائی پی) اور انٹرنیشنل کالج آف ایکسیلنس (آئی سی ای) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (لیٹر آف انٹینٹ) پر دستخط کیے گئے ہیں اور وزیراعظم یوتھ پروگرام اور ICE کے درمیان تعلیمی تعاون کا معاہدہ

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

سینٹرل الیکشن کمیٹی نے انتخابی نتائج اسرائیلی صدر کے حوالے کردیئے

موجودہ صورت حال میں انتخابات کے بعد کوئی واضح فاتح سامنے نہیں آیا، اسرائیلی صدر

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی سینٹرل الیکشن کمیٹی کے چیئرمین نے الیکشن نتائج صدر اسحاق ہرزوگ کے حوالے کردیئے۔ صدر اسحاق ہرزوگ

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملکی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے

ایران اور امریکہ کی جنگ میں پاکستان کا کردار تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا، رانا تنویر حسین

مانانوالہ (آن لائن) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کی جنگ کو روکنے اور خطہ کو تباہی سے بچانے کے لیے حکومت پاکستان کا کردار تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف میں لکھا جائے گا وزیراعظم میاں محمد

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے کلثوم نیاز بلوچ ملاقات کررہی ہیں

کوئٹہ اور گردونواح میں موسم سرما کی پہلی بارش

طویل خشک سالی کے بعد بارش کے ہوتے ہی لوگوں کے چہرے کھل اٹھے

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ اور گردونواح میں موسم سرما کی پہلی بارش سے موسم خوش گوار اور سرد ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق طویل خشک سالی کے

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

افغانستان میں طالبان رجیم کیخلاف مسلح مزاحمت میں شدت

مختلف صوبوں میں طالبان مخالف گروہوں کی تازہ کارروائیوں میں آٹھ افراد ہلاک اور آٹھ زخمی

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان رجیم کیخلاف مسلح مزاحمت میں شدت زور پکڑتی جارہی ہے، مختلف صوبوں میں طالبان مخالف گروہوں کی

بقیہ نمبر 61 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سوالات کا جواب دینے کے بجائے رہائش گاہ کے تقدس کی پامالی ناقابل قبول ہے، مولانا واسع

قائد جمعیت کی رہائش گاہ کی فضائی نگرانی پر وضاحت دی جائے، پاکستان کی وحدت، آئینی بالادستی اور جمہوری حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کی ڈرون فوٹیج بنانے کے خلاف کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں جے یو آئی کا احتجاجی مظاہرہ

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کے تقدس کی پامالی کے خلاف کوئٹہ میں احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت نے جب دلائل کی بنیاد پر طاقتور قوتوں سے سوالات کیے اور جواب طلب کیا تو جواب دینے کے بجائے ان کی نجی رہائش گاہ کی ڈرون فوٹیج بنا کر چادر و چار دیواری

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

حلقے کے عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کریں گے، حاجی محمد خان اتمانخیل

میونسپل کمیٹی کو جدید مشینری کی فراہمی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، رکن اسمبلی کا اجلاس سے خطاب

لورالائی (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی لورالائی حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کہا ہے کہ اپنے حلقے کے عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کیے جائیں گے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، شہر کی خوبصورتی اور بلدیاتی نظام کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کا

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

لیبر کوڈ کے خلاف مزدور تنظیموں کا نیشنل پارٹی سے رابطہ، تحفظات، مطالبات پیش

پارلیمنٹ، سینیٹ، بلوچستان اسمبلی سمیت مختلف فورم پر لیبر کوڈ اور مزدوروں کے دیگر مسائل پر آواز بلند کریں، سلطان خان

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان حکومت اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کی جانب سے بلوچستان لیبر کوڈ کی تیاری کے اہم عمل میں مزدوروں کے حقیقی نمائندوں کو اعتماد میں لیے بغیر اور واپڈا کے ایک سرکاری ملازم کو مزدوروں کا نمائندہ مقرر کرنے

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، موسم سرما کی پہلی بارش کے بعد موسم خوشگوار اور سڑک جھل تل نظر آرہی ہیں

کوئٹہ پریس کلب میں آج "مدارس کے کردار، چیلنجز اور تقاضے" سیمینار کا انعقاد ہوگا

اسلامی جمعیت طلباء بلوچستان کے ناظم احسان اللہ ناصر کی اہم پریس کانفرنس بھی آج شام کوئٹہ پریس کلب میں ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت طلبہ عربیہ بلوچستان کے زیراہتمام آج 5 نومبر بروز جمعرات سہ پہر 3 بجے سے شام 6 بجے تک کوئٹہ پریس کلب میں "مدارس کے کردار، چیلنجز اور تقاضے" کے عنوان سے ایک اہم سیمینار منعقد کیا جا رہا ہے۔ سیمینار میں مختلف

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

ٹرمپ بدترین صدر ہیں، جن کے پیچھے چلتے ہوئے ریپبلکنز کھائی میں جا گرے، چک شومر

اہم بات یہ ہے ہماری پوری توجہ امریکی خاندانوں، ان کی تکالیف اور ان کی ضرورتوں پر تھی، خطاب

واشنگٹن (این این آئی) ڈیموکریٹ سینیٹر چک شومر نے سینیٹ میں ڈیموکریٹس کو اکثریت حاصل ہونے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ چک شومر نے اپنے بیان میں کہا کہ تمام تر ناموافق حالات کے باوجود ڈیموکریٹس نے سینیٹ کا معرکہ جیت لیا۔ انہوں

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

چین نے امریکی وسط مدتی انتخابات امریکا کا داخلی معاملہ قرار دیدیا

چین ایران اور امریکا کے درمیان تفرقات کے مذاکرات کے ذریعے حل کی حمایت کرتا ہے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وسط مدتی انتخابات کے حوالے سے چین کا ردِعمل سامنے آگیا۔ چین نے امریکی وسط مدتی انتخابات امریکا کا داخلی معاملہ قرار دیا ہے۔ چینی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے پریس بریفنگ میں کہا کہ چین امریکا کے ساتھ

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

قلعہ عبداللہ میں حکومتی وفد اور دھرنا کمیٹی کے درمیان مذاکرات ناکام، دھرنا جاری رکھنے کا فیصلہ

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی سربراہی میں حکومتی وفد دھرنے کے مقام پر پہنچ گیا، فریقین میں اتفاق رائے نہ ہوسکا

دھرنے کی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق اہمیت بڑھ گئی ہے دھرنا کمیٹی نے احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کردیا

قلعہ عبداللہ (اے این این) قلعہ عبداللہ میں جاری دھرنے کے شرکاء اور حکومتی وفد کے درمیان مذاکرات ناکام ہوگئے، جس کے بعد دھرنا کمیٹی نے احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومتی وفد نے دھرنے کے مقام پر پہنچ کر کمیٹی کے اراکین سے مذاکرات کیے اور مسائل کے حل کے حوالے سے بات چیت

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

صحت کے شعبے میں ڈیجیٹل انقلاب

وزارتِ صحت نے عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے 1166 کیئر پورٹل متعارف کرا دیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے صحت کے شعبے میں عوامی شکایات کے اندراج، ان کے بروقت ازالے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی کے لیے ایک جامع ڈیجیٹل نظام متعارف کرا دیا ہے۔ وزارت صحت نے عوام کو براہِ راست حکومتی اداروں تک رسائی فراہم کرنے اور صحت کی سہولیات میں بہتری لانے

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

ڈیب ہالینڈ پہلی خاتون ریڈ انڈین گورنر منتخب

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں وسط مدتی انتخابات کے دوران ڈیموکریٹ امیدوار ڈیب ہالینڈ نے کامیابی حاصل کرکے تاریخ رقم کردی۔ وہ کسی امریکی ریاست کی گورنر منتخب ہونے والی پہلی مقامی امریکی خاتون بن گئی ہیں۔ انہوں نے ریپبلکن حریف گریگ بل کو شکست دی۔ 65 سالہ ڈیب ہالینڈ کا تعلق لگونا پیوبلو قبیلے سے ہے۔ امریکی

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

قلعہ سیف اللہ میں بدامنی کیخلاف شٹرڈاؤن ہڑتال واحتجاجی مظاہرہ

سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو دہشت گردی اور تشدد کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، سکندر خان جوگیزئی

قلعہ سیف اللہ (آئی این پی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی ڈپٹی سیکرٹری نوابزادہ سکندر خان جوگیزئی پر دستی بم حملے کے خلاف قلعہ سیف اللہ میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی، جس کے دوران شہر بھر کے بازار اور کاروباری مراکز مکمل طور پر بند رہے۔ حملے

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

انتخابی اصلاحات پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل تعطل کا شکار، جماعتوں نے نام نہیں دیئے

اسلام آباد (آن لائن) انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کا معاملہ تاخیر کا شکار ہوگیا ہے اور دو ہفتے گزرنے کے باوجود کسی بھی پارلیمانی جماعت نے کمیٹی کے لیے اپنے نام اسپیکر قومی اسمبلی کو نہیں بھجوائے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دو ہفتے قبل حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے چیف وہپس کو خطوط لکھ کر انتخابی

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر



استنبول، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ترکیہ کے ہم منصب سے مصافحہ کررہے ہیں

جام کمال کی ترک ہم منصب سے ملاقات، تجارتی و صنعتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر تجارت کی ترک کمپنیوں کو کراچی انڈسٹریل پارک میں سرمایہ کاری کی دعوت پاکستانی آم کی ترک مارکیٹ تک رسائی بہتر بنانے پر اتفاق

اسلامی ممالک کے درمیان تجارتی رکاوٹیں دور کرنے کے لیے جامع تحقیق، مستند معلومات اور مؤثر حکمت عملی اختیار کرنا ضروری ہے، جام کمال خان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ترکیہ نے دوطرفہ تجارت، زرعی برآمدات، صنعتی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو نئی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے روابط مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اپنے ترک ہم

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

بلوچستان محکمہ بلدیات میں 6 ارب 23 کروڑ روپے کی بے ضابطگیاں کا انکشاف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ بلدیات میں 2025-26 کے مالی سال کے دوران 6 ارب 23 کروڑ روپے کی بے ضابطگیاں کا انکشاف ہوا ہے، گذشتہ مالی سال کے دوران 5 ارب 32 کروڑ روپے کے بے قاعدہ اخراجات کئے گئے، 29 کروڑ

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

خیبر، جمرود کے علاقے چپری سے پولیو ٹیم کا سپروائزر اغواء

پولیس کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی اور اہم راستوں کی ناکہ بندی کردی گئی، ڈی پی او

جمرود (آن لائن) ضلع خیبر میں جمرود کے علاقے چپری سے پولیو ٹیم کے سپروائزر کو اغواء کرلیا گیا۔ ڈی پی او وقار احمد کے مطابق پولیو ٹیم کے سپروائزر کو انسدادِ پولیو مہم کے دوران نامعلوم مسلح افراد نے اغواء کیا جس کے بعد پولیس کی بھاری نفری علاقے

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

امریکی انتخابی نتائج کے بعد عالمی اسٹاک مارکیٹس میں مندی

نیویارک (سی ایم لنکس) امریکی انتخابی نتائج کے بعد عالمی مالیاتی منڈیوں میں مندی کا رجحان دیکھا گیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکا کی 500 بڑی کمپنیوں کا ایس اینڈ پی 500 انڈیکس 1 فیصد گر گیا جبکہ بڑی ٹیکنالوجی کمپنیوں پر مشتمل نیسڈیک 100

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

لکی مروت میں پولیس کی کارروائی، 2 مبینہ دہشتگرد ہلاک

پولیس کو دیکھتے ہی دہشت گردوں نے فرار ہونے کی کوشش کی، کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد زخمی حالت میں فرار ہوگیا

لکی مروت (آن لائن) لکی مروت پولیس نے کارروائی کر کے 2 مبینہ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق گنڈی چوک میں کالے شیشوں والی مشکوک گاڑی کی اطلاع ملی تھی۔ پولیس کو دیکھتے ہی دہشت گردوں نے فرار ہونے کی

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

بلوچستان میں پہلی بار ڈیجیٹل نکاح رجسٹریشن کا آغاز، پہلا سرٹیفکیٹ جاری

کوئٹہ (آن لائن) حکومتِ بلوچستان اور نادرا کے باہمی تعاون سے صوبے میں پہلی مرتبہ ڈیجیٹل نکاح رجسٹریشن اور ڈیجیٹل سولنائزیشن ماڈیول کا پائلٹ

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

عوامی مسائل کا حل اور شہریوں کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، میر لیاقت لہڑی

عوامی مسائل کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، عوام کو متعلقہ محکموں اور حکام کے ساتھ رابطے میں رہیں

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مشکلات کا بروقت ازالہ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوامی نمائندے ہونے کی

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کا وفد ملاقات کررہا ہے

لاس اینجلس کے میئر کی دوڑ میں سخت مقابلہ، حتمی نتیجہ آنے میں ہفتوں لگ سکتے ہیں

لاس اینجلس (آئی این پی) امریکہ کے وسط مدتی انتخابات کے ساتھ ساتھ لاس اینجلس میں امریکہ کے دوسرے بڑے شہر کے اگلے میئر کے انتخاب کے لئے بھی ووٹ ڈالے گئے، آدھے سے کچھ زیادہ ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد میئر کی دوڑ انتہائی سخت مقابلے کی صورت اختیار کر گئی ہے جہاں

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

عالمی منڈیوں میں اجناس کی قیمتوں میں رواں سال 23 فیصد اضافے کا امکان ہے، عالمی بینک

کھاد قیمتوں میں 14، دھاتوں کی قیمتوں میں 25، قیمتی دھاتوں کی قیمتوں میں 40 فیصد اضافہ ہوسکتا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) عالمی بینک نے مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعہ، توانائی کی فراہمی میں رکاوٹوں اور غذائی اجناس کی ترسیل متاثر ہونے کے باعث عالمی منڈیوں میں اجناس کی قیمتوں میں 2026 کے دوران 23 فیصد اضافے کی پیش گوئی کی ہے،

بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

لیبیا سے ڈی پورٹ ہو کر اسلام آباد آنے والے 12 پاکستانی شہریوں کے خلاف مقدمہ درج

راولپنڈی (آئی این پی) لیبیا سے ڈی پورٹ ہو کر آنے والے 12 پاکستانی شہریوں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ایف آئی اے امیگریشن نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے تمام شہریوں کو مزید قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی منتقل

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

خضدار، غلامانی چوک سے معروف تاجر اغوا، احتجاجاً کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلاک

انتظامیہ کے ساتھ کامیاب مذاکرات اور فوری بازیابی کی یقینی دہانی پر شاہراہ ٹریفک کے لیے کھول دی گئی

خضدار (یو این اے) خضدار سے تاجر اغوا، کوئٹہ کراچی شاہراہ احتجاجاً بلاک۔ انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد روڈ کھول دیا گیا۔ خضدار کے معروف چوک غلامانی چوک سے مسلح افراد نے تاجر بہاول خان غلامانی کو اغوا کرلیا، احتجاجاً خضدار زیرو

بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

توبہ کاکڑی کے علاقے ژڑکس میں منشیات کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

علاقے کو منشیات سے پاک کرنے تک بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، اسسٹنٹ کمشنر معید جاموٹ

برشور (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر توبہ کاکڑی کے علاقے ژڑکس میں منشیات کے خلاف ایک بڑا اور منظم کریک ڈاؤن کیا گیا ہے، ضلعی پولیس آفیسر عبدالستار دشتی کی قیادت میں ہونے والے اس گرینڈ

بقیہ نمبر 82 صفحہ 7 پر

پاکستان اور برطانیہ کا دہشتگردی کیخلاف مشترکہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد میں سالانہ انسداد دہشت گردی مذاکرات، ٹی ٹی پی سمیت افغانستان میں اور وہاں سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خطرات پر اظہار تشویش

سوشل میڈیا کے غلط استعمال اور جدید ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والے سکیورٹی خطرات بھی زیر بحث آئے، مذاکرات کا اگلا دور 2027 میں لندن میں ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور برطانیہ نے دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے انسداد دہشت گردی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے اور ادارہ جاتی روابط بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ دونوں ممالک نے دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے تجربات، بہترین طریقہ کار اور معلومات کے تبادلے سمیت باہمی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سالانہ انسداد دہشت گردی مذاکرات اسلام آباد میں منعقد ہوئے،

بقیہ نمبر 83 صفحہ 7 پر

کنساس میں 94 سال بعد ڈیموکریٹ پارٹی سے سینیٹر منتخب

سب ہی ووٹر یہ پیغام دے رہے ہیں کہ واشنگٹن میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ قابلِ قبول نہیں، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست کنساس میں 94 سال بعد ڈیموکریٹ پارٹی سے سینیٹر کو منتخب کرلیا گیا، ایڈم ہیملٹن نے راجر مارشل کو شکست دے دی۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ڈیموکریٹ ایڈم ہیملٹن نے صدر ٹرمپ کے حمایت

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

مقامی سکھ اور ہندو یاتریوں کے لیے 2 خصوصی ٹرینوں کا شیڈول جاری

پاکستان ریلوے ہر سال کی روایت برقرار رکھتے ہوئے یاتریوں کو سفری سہولیات فراہم کرے گا

لاہور (آئی این پی) پاکستان ریلوے نے مقامی سکھ اور ہندو یاتریوں کے لیے 2 خصوصی ٹرینوں کا شیڈول جاری کر دیا۔ ترجمان ریلویز کے مطابق ننکانہ صاحب میں سالانہ مذہبی تقریبات میں شرکت کے لیے خصوصی ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ پہلی

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاہ غاسی
پرنٹر پبلشر شاہ غاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز نبب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زنبب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر 2825169
فیکس نمبر 2840564
فیکس نمبر 2826720
موڈیم نمبر 2826705